اظلم الليل وقوضوه سمعت قائلا يقول هل وجدوا ما فقدوا فاجابه آخر بل يئسوا
فانقلبوا اور نیز شبلنجی نے نور الابصار میں لکھا ہے و في الفصول المهمة ولما مات الحسن
المثنى بن الحسن ضربت زوجته فاطمة بنت الحسين على قبره فسطاطا وكانت تقوم
الليل وتصوم النهار وكانت تشبه بالحور العين لجمالها فلما كان راس السنة قالت لمواليها
اذا اظلم الليل فقوضوا هذا الفسطاط فلما اظلم الليل وقوضوه سمعت قائلا يقول هل
وجدوا ما فقدوا فاجابه آخر بل يئسوا فانقلبوا انتهى اور اشرف علی بن عبد الولی نے
رياض الجنان میں لکھا ہے وضربت زوجته فاطمة بنت الحسين على قبره فسطاطا و
كانت تقوم الليل وتصوم النهار وتشبه بالحور العين لجمالها فلما ان كان راس السنة
قالت لمواليها قوضوا هذا الفسطاط فلما اظلم الليل وقوضوه سمعت قائلا يقول هل وجدوا

ما فقدوا فاجابه اخوبل یئسوا فانقلبوا **بالجملہ** اس رسالہ کے مجموع مقامات اور جملہ مبادی ومقدمات پر نظر کرنے سے اعلام فریقین وجمہور ارباب تواریخ وسیر کے نزدیک جناب امام حسینؑ کی اولاد دختری مین فقط ایک فاطمہ کا جو فاطمۂ صغریٰ کے ساتھ معروف نہین ہو دہی ہونا اور اُنکے عقد کا جناب حسن مثنیٰ کے ساتھ واقع ہونا اور اُن دونون بزرگوارون کا واقعۂ کربلا مین ہمراہی جناب سید الشہداؑ حاضر وموجود ہونا اور واقعۂ کربلا کے بعد اُن دونون بزرگوارون کا مدینۂ منورہ کو واپس جانا اور اولاد کا بہم پہونچنا او حضرت حسن مثنیٰ کا بعد ایک مدت گزرنے کے وفات کرنا اور حضرت فاطمہ بنت الحسینؑ کا وقت وفات شوہر موجود ہونا اور اُنکی قبر شریف پر سال بھر تک مقیم رہنا روز روشن کیطرح واضح وآشکار ہوگیا اور ان جملہ مطالب کا اہل فن کے کلمات حق سمات اور ارباب تواریخ وسیر کے نصوص ونصریحات سے ازقبیل مسلمات اور مفروغ از بحث ہونا ثابت ومبرہن ہوا پس اس تقدیر پر عقد قاسم بن حسن علیہما السلام کے قصہ کا بے سروپا اور اُسکا ازقبیل خرافات واباطیل اور منجملہ اکاذیب واراجیف ہونا اور اُسکا ارباب تحقیق وتنقید کے نصوص صریحہ کے مخالف ہونا بھی محتاج بیان نہین ہی چونکہ قصۂ دامادی کا ازمنہ واعصار متاخرہ مین کبقل الارض لیس لہ اصول حدوث ہوا ہی اسوجہ سے قدمانے بالخصوص اس قصۂ واہیہ کے باطل اور بے اصل ہونے پر نص نہین کی اگر اُنکو اس قصۂ بے اصل کے زمان متاخرین حادث ہونے اور فاطمۂ کبریٰ کے باذہان ارباب وساوس متخیل ہونے پر اطلاع ہوجاتی تو اُسکے فساد کی بخصوصہا بھی تصریح فرماتے لیکن مبدء کل اور صانع عالم کے سوا کسی شخص کو علم غیب حاصل نہین ہوسکتا لیکن چونکہ مبنائے قصۂ مذکورہ کا تصریحات مورخین اور نصوص متقدمین سے منہدم الاساس ہونا ثابت ہوگیا لہذا نفس قصہ کے بطلان مین کیونکر تردد ہوسکتا ہی پس جمہور مورخین وارباب سیر کی تصریحات وتنصیصات کا اس قصہ کے موضوع ہونے پر بالتزام بیّن دلالت کرنا اوضح واضحات ہی ضرورۃ استلزام فساد الاصل فساد الفرع البتہ چونکہ محققین

متاخرین کے زمانہ مین کسی وضاع ناحق شناس نے اس قصۂ منہدم الاساس کو کسی غرض سے اختراع کیا اور عوام الناس نے اپنی جہالت و نادانی کی وجہ سے اس داستان طولانی اور فسانہ واہیۃ المبانی اور حکایت سخیفۃ الالفاظ رکیکۃ المعانی کو رواج دینا شروع کیا اور بعض خواص نے بھی غفلۃ عن حقیقۃ الحال اُسکو اپنی تالیفات مین جگہ دی اسلیے اُن محققین کو بالخصوص اُسکے باطل اور لغو ہونے پر نص کرنے کی ضرورت ہوئی بہرحال کلمات علماے اعلام پر نظر کرنے کے بعد اس قصۂ بے اصل و واہی کے باطل اور موضوع ہونے مین کسی منصف کے لیے محل شبہہ باقی نہین رہ سکتا تنبیہ اگرچہ عبارات مقام چہارم و ششم سے فاطمہ بنت الحسین ع کے عقد کا حسن مثنی کے ساتھ واقع ہونا اور اُنکے بطن اقدس سے اولاد کا بہم پہونچنا بخوبی معلوم ہوا لکن اس باب مین بعض قاصرین کو یہ توہم ہو سکتا ہی کہ بعض روایات سے حضرت سید الشہداء کی ایک صاحبزادی کا مدینہ مین متخلف رہنا مستفاد ہوتا ہی جو فاطمہ صغری کے ساتھ معروف تھین اس بناپر ممکن ہی کہ حسن مثنی کا عقد اُنھین کے ساتھ واقع ہوا ہو اور اُنھین کے بطن سے عبد اللہ بن حسن اور ابراہیم بن الحسن اور حسن بن الحسن پیدا ہوے ہون اور قاسم بن حسن کا عقد اُن فاطمہ بنت الحسین ع کے ساتھ واقع ہوا ہو جو کربلا مین ہمراہی حضرت سید الشہداء تشریف رکھتی تھین مگر یہ توہم دو وجہ سے باطل ہی اول یہ کہ جمہور مورخین اور اعلام فریقین کے نصوص و تصریحات سے حضرت سید الشہداء کی اولاد مین فقط ایک فاطمہ کا موجود ہونا اور اُنکا فاطمہ صغری کے ساتھ معروف و مشہور ہونا اور اُن کے عقد کا حسن مثنی کے ساتھ واقع ہونا اور اُنکے بطن طاہر سے اولاد کا بہم پہونچنا قبل ازین مذکور ہو چکا ہی اس تقدیر پر کسی دوسری فاطمہ صغری کا حضرت کی اولاد مین موجود ہونا اور اُن کے عقد کا حسن مثنی کے ساتھ واقع ہونا کس طرح معقول ہوگا اور اس مطلب کی توضیح اس رسالہ مین کئی مقام پر کی گئی ہی اور روایت غراب جس سے فاطمہ صغری کا مدینہ مین متخلف رہنا مستفاد ہوتا ہی اُسکا حال سابقا گذرا کہ ہرگز قابل احتجاج نہین ہی اور کسی طرح مثبت تعدد فاطمہ بنت الحسین

عبد اللہ بن حسن مثنیٰ کا اپنی مادر گرامی جناب فاطمہ بنت الحسین سے اُن واقعات کو نقل کرنا ثابت ہوا جو حضرت سید الشہدا کی شہادت کے بعد پیش آئے تھے جیسے عامۂ ملاعین کا خیمۂ اہل حرم میں در آنا اور ایک شقی کا اُنکے پائے مبارک سے خلخال طلائی کو اُتارنا اور اُسکا گریہ کرنا اور اُن معظمہ کا اُس شقی سے سبب گریہ کو دریافت کرنا اور اُس شقی کا اُن معظمہ کے جواب میں عذر بدتر از گناہ کو بیان کرنا اور ملاعین کا خیمۂ محترمہ کے جملہ اسباب کو غارت کرنا اور ملاحف کا ظہور مقدسہ سے انتزاع کر لینا اور اسی طرح سپہر کاشانی کی عبارت منقولہ سے بھی اُنھیں فاطمہ بنت الحسین کا جو کربلا میں اپنے پدر بزرگوار کے ہمراہ تھیں زوجۂ حسن مثنیٰ ہونا اور اُنھیں کے بطن طاہر سے جناب حسن مثنیٰ کے لیے پانچ اولاد کا بہم پہونچنا ثابت ہوا اور اسی طرح صاحب محن الابرار کے بیان سے بھی اُنھیں فاطمہ بنت الحسین کے زوجۂ حسن مثنیٰ ہونے کا راجح ہونا ثابت ہوا جو کربلا میں موجود تھیں اور اسی طرح ابو الحجاج مزی کی عبارت منقولہ سے جناب فاطمہ بنت الحسین کا امام حسین کی شہادت کے بعد وارد دمشق ہونا بجواز ان جانب مدینہ خروج کرنا اور اُنکی والدۂ معظمہ کے اسم مبارک کا ام اسحق ہونا اور اُنھیں معظمہ کا زوجۂ حسن مثنیٰ ہونا اور حسن مثنیٰ کے لیے اُنکے بطن اقدس سے اولاد کا بہم پہونچنا اور حسن مثنیٰ کا اُنکی حیات میں وفات پانا معلوم ہوا و وضوح دلالتہ علی المقصود لا تکاد تخفی علی الہ ریر فضلا عن البصیر اور اسی طرح فصول مہمہ کی عبارات محکیہ عن نور الابصار سے جناب فاطمہ بنت الحسین کا اپنے شوہر جناب حسن مثنیٰ کی قبر پر خیمہ کو نصب کرنا اور ایک سال تک اُسی مقام پر قیام لیل اور صوم نہار میں مشغول رہنا اور اُن معظمہ کا کریم ہونا اور اُنھیں معظمہ کا دمشق سے مدینۂ منورہ کو مراجعت کرنا وغیرہ وغیرہ بتصریح معلوم ہوا جسکا ماٰنحن بہ پر دلالت کرنا محتاج بیان نہیں ہے بنا برین علیہ اُن معظمہ کے ساتھ کربلا میں عقد قاسم بن حسن کے واقع ہونے اور زوجۂ حسن مثنیٰ کے مدینۂ منورہ میں متخلف رہنے اور حسن مثنیٰ کے لیے اُنکے بطن سے اولاد کے بہم پہونچنے کا احتمال بہرحال لغو محض قرار پایا پس جبکہ فاطمۂ کربلا کا زوجۂ حسن مثنیٰ ہونا معلوم ہوا تو اُنھیں معظمہ کے ساتھ جناب قاسم بن حسن کے عقد کا تجویز کرنا کیونکر درست ہو سکتا ہے فتفکر و لا تکن من الغافلین و لا یعجبنک ما عسی ان یتحزفہ فئۃ الجاھلین

توقیف لطیف چونکہ جناب قاسم بن حسن سلام اللہ علیہما کی دامادی کا قصہ قدما کے زمانہ مین حادث نہ
ہوا تھا اسلیے اُنکا خصوص قصہ کے باطل و موضوع ہونے پر نص کرنا معقول نہ تھا **البتہ** چونکہ اُسکا متاخرین
کے زمانہ مین حدوث و بروز ہوا اور عوام کالانعام نے اُسکو رواج دینا شروع کیا اور بعض خواص نے بھی
اُسکو اصل امر سے غافل ہوکر اپنے تالیفات مین مندرج فرمالیا اسلیے اہل تنقید کو اُس سے متعرض ہونے
اور اُسکے موہون و مطعون و غیر معتبر ہونے پر نص کرنے کی ضرورت محسوس ہوئی جیسا کہ ابھی مذکور ہو چکا
ہے اس مقام پر حضرات مشار الیہم مین سے بعض حضرات کے نصوص و تصریحات کا وارد کرنا قرین مصلحت ہے
اور وہ کئی بزرگوار ہین **از انجملہ** علامہ مجلسی علیہ الرحمہ ہین کہ اُن بزرگوار نے باوجودیکہ روضۃ الشہدا و منتخب
دونون پر یقیناً مطلع تھے اس قصہ کو قابل اخذ نہ سمجھا اور بحار الانوار و جلاء العیون مین اُسکو نقل نہین
فرمایا اور محض جناب قاسمؑ کی شہادت کے بیان پر اکتفا فرمائی ہے بلکہ خصوص جلاء العیون مین بیان شہادت
کے بعد اس قصہ کے موہون و غیر معتبر ہونے کو بھی ظاہر فرمادیا ہے چنانچہ کتاب مذکور مین فرماتے ہین
پس قاسم پسر حسنؑ کہ چہرۂ مبارکش مانند آفتاب تابان میدرخشید و ہنوز بحد بلوغ نرسیدہ بود نزد عم بزرگوار
خود آمد و رخصت جہاد طلبید حضرت امام شہدا او را در بر کشید و آنقدر گریست کہ نزدیک شد کہ مدہوش
گردد و ہرچند آن امام زادۂ بزرگوار در طلب رخصت جہاد مبالغہ می نمود حضرت مضائقہ میفرمود تا آنکہ بر پای
عم بزرگوار خود افتاد و چندان بوسید و گریست و استغاثہ کرد کہ از حضرت امام حسینؑ رخصت حاصل کرد و
بمیدان در آمد و عرصۂ قتال را از نور جمال خود روشن کرد و با آن خوردسالی در یک حملہ سی و پنج نفر از آن
سنگین دلان بیچار را بعرصۂ فنا فرستاد راوی گوید کہ من در میان لشکر عمر حرامزادہ بودم کودکی از لشکر امام حسینؑ
جدا شد و متوجہ لشکرگاہ گردید نور از جبین مبین او میتابید و پیراہنی و ازاری پوشیدہ و دو نعل در پا کشیدہ
بود و بند نعلین او گسیختہ بود دران حال عمر پسر سعد ازدی ملعون گفت بخدا سوگند مرو م داد را بقتل
می آورم گفتم سبحان اللہ آیا دل تو تاب آن دارد کہ بر و ضربتی زنی بخدا سوگند کہ اگر بر من تیغ حوالہ کند دست
نمی گشایم بدفع آن این گروہی کہ او را گرفتہ اند او را کافی ست پس آن ملعون بدگہر اسپ تاخت و ضربتی
بر سر امام زادۂ مطہر زد کہ بر رو درافتاد و فریاد کرد و اعماہ را در یاب ناگاہ دیدم کہ امام حسینؑ مانند

عقاب آمد وصفہا را شگافت وچون شیر خشمناک بر آن کافران ناپاک حملہ میکرد وتیغی حوالہ قاتل آن امامزادۂ
مظلوم کرد آن لعین دست پیش آورد حضرت دست او را جدا کرد آن ملعون فریاد کرد لشکر اہل نفاق جمع
شدند کہ آن ملعون را از دست حضرت رہا کنند وجنگ در پیوست وآن ملعون کشتہ شد وآن معصوم در
زیر سم اسپان مخالفان کوفتہ شد وچون حضرت آن کافران را دور کرد وسر فرزند برادر گرامی خود آمدہ دید
کہ بر زمین می ساید وعزم پرواز اعلا علیین دارد وچون اشک حسرت از دیدہای مبارکش جاری شد گفت
بخدا سوگند کہ بر عم تو گران ست کہ تو او را بیاری خود طلبی ویاری تو نتواند کرد خدا دور گرداند از رحمت خود
آنہا را کہ ترا بقتل آوردند ووای بر گروہی کہ پدر وجد تو خصم ایشان باشند پس حضرت آن شہید ومعصوم
را برداشت وسینہ اش را بر سینۂ خود گذاشت وپاہای او را بر زمین میکشید واو را برد تا در میان کشتگان
اہل بیت انداخت وگفت خداوندا کشندگان ما را بکش وجمعیت ایشان را پراگندہ گردان واحدی از
ایشان را مگذار وہرگز ایشان را میامرز دیگر فرمود ای پسر عمان من واہلبیت برادر من صبر کنید کہ بعد ازین روز
دیگر مذلت نخواہید دید وبعزت وسعادت ابدی خواہید رسید وبروایت حضرت امام زین العابدینؑ
آن امامزادہ شہید سہ نفر از آن کافران عنید بعذاب شدید فرستاد وزیادہ نیز روایت کردہ اند وقصۂ
دامادی او در کتب معتبرہ بنظر فقیر نرسیدہ انتہی **ازانجملہ** فاضل رضی بن نبی القزوینی صاحب کتاب
تظلم الزہراء علیہا السلام ہین اُنھون نے بھی قصۂ عروسی حضرت قاسم علیہ السلام کو معتمد ومعتبر نہین
سمجھا ہی اور علامۂ مجلسی علیہ الرحمہ کی طرح اُسکے ذکر سے عدول کیا ہی چنانچہ کتاب مذکور کے نسخۂ مطبوعہ
صفحہ ۱۷۰ مین جناب علی بن الحسین علیہما السلام کی شہادت کے بعد تحریر فرماتے ہین ثم انہ نقل فی الکتب
بروز قاسم بن الحسن ومبارزتہ ولیس فیہا ذکر مصاہرتہ الا فی المنتخب فانہ ذکر قصۃ مصاہرتہ
ولکن لما ذکر الفاضل المتبحر ان ہذہ القصۃ لم یظفر بہا فی الکتب المعتبرۃ والروایات المعتمدۃ
وکان لم یعتمد علی ہذا النقل صفحنا نحن ایضاً عن نقلہ لان الناقل رہ لم ینسب الی احد بل قال ونقل
اور اس عبارت کا محصل یہ ہی کہ کتب مین جناب قاسم بن حسنؑ کے بروز ومبارزہ کا حال منقول ہوا ہی اور
اُنکی دامادی کا تذکرہ نہین ہی البتہ کتاب منتخب مین جناب قاسمؑ کی دامادی کا قصہ بھی مذکور ہوا ہی لکن

چونکہ فاضل متبحر نے اس قصہ پر کتب معتبرہ اور روایات معتمدہ مین اپنے مطلع نہونے کو ذکر کیا ہی اور گو یا کہ
اُنھون نے نقل منتخب پر اعتماد نہین فرمایا ہو لہذا ہم نے بھی اُسکے نقل کرنے سے اعراض کیا اسلیے کہ
ناقل رحہ نے اُسکو کسی شخص کیطرف منسوب نہین کیا ہو بلکہ فقط لفظ نقل کے ساتھ اُسکو وارد کیا ہو تنبیہ اس
عبارت مین فاضل متبحر سے علامۂ مجلسی علیہ الرحمہ کو مراد لیا ہو وما نقلہ قدس سرہ عن العلامۃ المجلسی
من عدم ظفرہ بالقصۃ المذکورۃ فی الکتب المعتبرۃ فانما ذکرہ فی جلاء العیون ضرورۃ انہ لم
یتعرض عنہا فی بحار الانوار بوجہ من الوجوہ بل سکت عنہا بالمرۃ فلیکن منک علی ذکر ازانجملہ محمد
بن سلیمان تنکابنی ہین اُنھون نے بھی قصۂ مذکورہ اور اُسکے مثل جملہ تبعات مجعولہ وآثار غیر مقبولہ کے بے اصل ہونیکی
تصریح کی ہی چنانچہ اثناء کلام مین تحریر کرتے ہین واما درکیفیت شہربانو درکربلا وہمراہ بودن واسیر شدن یا
نہ شدن پس دران خلاف ست بعضی گفتہ اند کہ درکربلا ہمراہ بود ونظر بوصیت آنجناب بعد از شہادت
بذوالجناح سوار وبری آمد ودربعضی از جبال شمران مدفون ست واین قول اضعف اقوال ست زیراکہ کسی از معارف
این را نقل نکردہ وآنکہ این سخن را گفتہ اعتماد واعتنای بشان او نیست واضعف ازین قول اینکہ فاطمہ
عروس قاسم نیز ہمراہ او بود واز قاسم حمل داشت وپسری متولد شد مسمی بقاسم ثانی کہ درجبال شمران طہران
مزار معروفی دارد واین نیز مانند سابق بلکہ اضعف ازان ست زیراکہ اولاً عروسی قاسم درروایات شیعہ
ندارد وثانیاً قاسم یازدہ سالہ بودہ احتمال تولد وتوالد دران راہ ندارد وثالثاً گویندۂ این سخن مسموع
القول ومحل اعتناء علماء اعلام نیست ورابعاً اینکہ روز عاشورا با آن کیفیت معہودہ جای مواقعہ ومباشرت
قطعاً نبودہ وخامساً این قول وقول سابق منافی با انچہ بعد ازین مذکور میشود از روایت عیون اخبار
الرضاؑ وسادساً این سخن منافی ست با انچہ شیخ مفید اعلی اللہ مقامہ کہ از اعیان علماء طائفہ است درکتاب
ارشاد ذکر کردہ کہ حسنؑ بن حسن مجتبی علیہ السلام معروف بہ حسن مثنی در نزد عم خود حضرت سید الشہداؑ آمد خواستگاری
فرستاد آنجناب فرمود کہ من برای تو دختر فاطمہ را اختیار کردم کہ او را دوست دارم وباسم مادر من نامیدہ ام
پس فاطمہ را بعقد او درآورد وبعد از وفات حسنؑ بن حسن فاطمہ بر بالای قبر او چادر زدہ یک سال در انجا
نشست تا اینکہ شبی ہاتفی آواز داد کہ آیا یافتند انچہ را کہ مفقود کردہ بودند بار دیگر ہمان ہاتف در جواب

خود گفت کہ بیا فتند انچہ را کہ مفقود کردہ بودند چون فاطمہ این را شنید گفت کہ چادر را در انداختند و بسوی
خانہ مراجعت نمود و حضرت سید الشہدا را دختر دیگر کہ فاطمہ نام باشد نداشتہ چنانکہ سابقا در ضمن ذکر اولاد
حضرت مذکور شد و اینکہ میگویند فاطمہ صغری در مدینہ ماند و بیمار بود اصلی ندارد و قول دیگر در شہر بانویہ کہ در
کربلا ہمراہ بود و اسیر شد و این نیز ضعیف و محل اعتنا نیست و اصح اینکہ شہر بانویہ و خواہرش کہ زوجہ امام حسن
بود حاملہ شدند و ہر دو متولد شدند و ہر دو در ایام نفاس وفات یافتند و آن کودکی کہ از شہر بانویہ متولد شد
حضرت سید سجادؑ بود کہ او را بعضی از کنیزکان حضرت سید الشہدا کہ ام ولد بودند کفیل شدند و شیر دادند
پس در کربلا ہمراہ نبود و بر وفق ہمین قول کہ اختیار کردیم صدوق علیہ الرحمہ کہ رئیس المحدثین ست
حدیثی در کتاب عیون اخبار الرضاء در مجلد ثانی ذکر فرمودہ و ارباب مقاتل معتبرہ مانند صدوق در
امالی و ابن نما در مثیر الاحزان و شیخ مفید در ارشاد و سید رضی الدین ابن طاؤس در لہوف و مجلسی در
بحار و ابی مخنف و آخوند ملا حسن یزدی در مہیج الاحزان و غیر اینہا از مقاتل معتبرہ ذکر نکردہ اند کہ شہر
بانویہ در کربلا در میان اسیران بود انتہی تنبیہ اس مقام پر دو امر قابل لحاظ ہین اول یہ کہ صاحب
عبارت نے قول جناب شیخ مفید علیہ الرحمہ کے نقل کرنے مین کئی جگہ مسامحہ کیا ہی جسکا حال عبارت
جناب شیخ کی طرف رجوع کرنے کے بعد معلوم ہو سکتا ہی دوم یہ کہ اس عبارت سے جناب شہر بانو کا
بوقت ولادت حضرت سید سجادؑ وفات پانا معلوم ہوا جسکی حدیث عیون اخبار الرضا مین تصریح موجود
ہی جیساکہ صاحب عبارت نے بیان کیا ہی اور اس مطلب کو دیگر اعلام نے بھی بیان کیا ہی چنانچہ
لسان الملک سپہر کاشانی صاحب ناسخ التواریخ تحریر کرتے ہین چہ شہر بانو در ہنگام ولادت علی بن
الحسینؑ وداع جہان گفت و در سفر کربلا ملازمت خدمت سید الشہدا را نداشت العلم عند اللہ اور
دوسرے مقام پر تحریر کرتے ہین لکن مادر سید سجادؑ بدیگر کس شوہر نفرمودہ بلکہ در نفاس وفات
یافت انتہی اور صاحب خیرات الحسان نے بھی اس مطلب کی تصریح فرمائی ہی بلکہ حضرت شہر بانو کے
زمان نفاس مین انتقال کرنے کو اخبار کثیرہ کیطرف منسوب کیا ہی چنانچہ تحریر کرتے ہین بارے حضرت
شہر بانو چنانکہ در اخبار کثیرہ رسیدہ است بحال نفاس در گذشت رضوان اللہ علیہا اور قدوۂ ارباب

تنقید جناب مولانا سید حبیب حیدر صاحب قبلہ مرحوم اعلی اللہ مقامہ واجزل فی الخلد تشریفہ واکرامہ تحریر فرماتے ہین کہ جن روایتون سے جناب شہربانو کا واقعہ کربلا مین تشریف رکھنا معلوم ہوتا ہی وہ زیادہ اعتماد کے لائق نہین ہین اور مجہول الاسانید ہین اور اُن معظمہ کا حضرت امام زین العابدینؑ کی ولادت کے ساتھ وفات پانا اقوی اور اظہر ہی انتہی محصول کلامہ قدس سرہ وفیہ غنی للتحقیق المرام فان القول ما قالت حذام اس مقام سے اُن امور کا باطل ہونا بخوبی منکشف ہوتا ہی جو حضرت شہربانو کے بعد شہادت جناب سید الشہداؑ زندہ رہنے یا معرکہ کربلا مین حاضر ہونے پر متفرع ہوتے ہین جنکی تفصیل کا ملال ناظرین کے خوف سے درج رسالہ کرنا مصلحت نہین معلوم ہوتا علاوہ برین مقام بھی استطرادی ہی اور بعض متفرعات کا حصہ اول مین تذکرہ بھی ہو چکا ہی **از انجملہ** صاحب محن الابرار مترجم بحار الانوار ہین جنھون نے بھی مطالب مذکورہ کی تصریح کی ہی اور بخصوص قصۂ دامادی کے فاسد ہونیکو بھی بیان فرمایا ہی چنانچہ محن الابرار نسخۂ مطبوعہ کے صفحہ ۲۶۷ مین مرقوم ہی مترجم گوید چون حکایت عروسی جناب قاسم ورد زبان مرثیہ خوانان وعوام مردمان ست لہذا بایداول تحقیق کلام درین حکایت بشود بعد ازان بترجمۂ اصل روایات شہادت آن بزرگوار بپردازم بروایت مصنف رہ در بعض کلام خود در جلد اول این کتاب مستطاب روایت کردہ است سہ نفر از اولاد جناب امام حسنؑ در کربلا بدرجۂ شہادت رسیدند عمرو قاسم وعبداللہ ودرین جلد شہادت چہار نفر از فرزندان آن حضرت روایت کردہ است وجناب امام حسنؑ راسیزدہ نفر پسر داشت از جملۂ ایشان حسنؑ بن حسنؑ بود وآن بزرگوار مرد نیکو کار خصلت وپسندیدہ طبیعت وجلیل القدر منزلت بود ودر حیات جناب امیر مومنان والی صدقات آن حضرت بود در فضیلت وجلالت وپرہیزگاری وبزرگواری سر آمد اہل جہان بود ودر رزمگاہ کربلا در خدمت عم بزرگوارش جناب مظلوم بیابان نینوا حاضر بود ودر پیش روی آن حضرت جان نثاری بکار بردہ از بسیاری زخم شمشیر ونیزہ دشمنان در میان کشتگان افتادہ وہنوز زندہ بود چون لشکر شقاوت اثر جناب امام حسینؑ راشہید نمودند وخواستند کہ اہل بیت رسالت را اسیر نمایند اسماء بن خارجہ آمد حسنؑ بن حسنؑ را از دست لشکر کفار رہا نمود وگفت فرزند خولہ کہ نام مادر آن بزرگوار بود اسیر نمی شود عمر بن سعد حرامزادہ لعؔ لشکر

شقاوت خود را گفت و او را برای ابوحسان بگذارید آن بزرگوار را بکوفه آوردند و زخمهای او را مداوا نمودند
بسوی مدینهٔ طیبه برگشت چنانچه مصنف رح در سابق ولاحق ذکر نموده است و فرموده است در روایت
آمده است که روزی حسن ع بن حسن ع در مدینهٔ طیبه بخدمت سراسر سعادت عم بزرگوار خود جناب امام حسین ع آمد
و آن حضرت دو نفر دختر داشت یکی را از برای خود خواستگاری نمود جناب امام حسین ع فرمود ای فرزند گرامی
هر کدام یکی از دختران من میخواهی اختیار کن آن بزرگوار حیا نمود که مختارهٔ خود را با آن حضرت عرض نماید سر
خجلت بزیر افگنده جواب نگفت جناب امام حسین ع فرمود من برای تو دختر خود فاطمه ع را پسندیدم زیرا که
بمادرم زهرا ع دختر جناب رسولخدا ص اشباهت بسیار دارد و حسن ع بن حسن ع در سن سی و پنج سالگی از این دار فانی
بخانهٔ جاودانی رحلت نمود و زنش فاطمه ع دختر امام حسین ع ابن امیر مومنان در سر قبر شوهرش حسن ع بن حسن ع
خیمه برپا نمود شبها در میان آن خیمه مشغول عبادت پروردگار خود میگردید و روزها روزه میداشت و در حسن
وجمال و خوبی رخسار شباهت بحوریان بهشت عنبر سرشت داشت چون یکسال تمام در سر قبر شوهر نیکو
خصال خود مشغول عبادت پروردگار خود گردید در سر سال بغلامان خود امر نمود که در هنگام شب خیمه را
بردارند چون شب شد خواستند که خیمه را پائین نمایند و بسوی خانه برند ناگاه بگوش آن خاتون مکرمه صدای
از هاتف رسید که میگفت آیا آن کسی که گم نموده بودند پیدا کردند شنید که هاتف دیگر او را جواب داد پیدا نه
کردند بلکه ناامید شدند برگشتند و جناب حسن ع بن حسن ع از دنیا رحلت نموده دعوای امامت نکرد و کسی از
شیعیان نیز نسبت امامت را بآن بزرگوار نداده است چنانکه برادرش زید نیز دعوای امامت نکرده این
روایت را مصنف در جلد اول این جلد عاشر بحار نقل کرده است و از این روایت مشخص و معلوم گردید
که جناب فاطمه ع دختر جناب امام حسین ع زن حسن ع بن حسن ع بود مصنف رح در باب عدد اولاد جناب امام حسین ع
دو تا دختر روایت کرده است که نام یکی سکینه ع و نام دیگری فاطمه ع بود بروایت دیگر سه تا نقل کرده است
که نام سومی زینب بود و بروایت دیگر چهار دختر روایت کرده است نام چهارمی فاطمه صغری بود که در
مدینه مانده بود بنابرین روایات ظاهر همان فاطمه ع که در کربلا حاضر بوده زن حسن ع بن حسن ع است و علاوه
برین مانند مصنف رح که در تتبع اخبار و در خبرداری از احادیث و آثار اهل بیت اخیار جناب احمد مختار

سرآمد علمای ابرار و ممتاز ہمہ اہل روزگار ست و استاد این فن و ماہر این علم ست در کتاب جلاء العیون خود
فرمودہ است کہ عروسی جناب قاسمؑ در کتب معتبرہ بنظر حقیر نرسیدہ است و از جملہ چیزہا کہ دلالت بر استبعاد
این مطلب دارد آن ست کہ جناب قاسمؑ در ہنگام شہادت خود بحد بلوغ نرسیدہ بود بروایت ابی مخنف
چہاردہ سال از سن شریف آن بزرگوار گذشتہ بود و از جملہ مبعدات آن ست کہ آن ملاعین کارزار بحضرت
درکربلا چنان تنگ و سخت گرفتہ بودند کہ ہرگز مجال و فرصت نداشتند کہ بکار دیگر غیر از جنگ آن
کافران پروازند بلکہ شہدای اہل بیت نمیتوانستند کہ در ہنگام مبارزت بنزد اہل حرم بیایند و ایشانرا وداع نمایند
نمی بینی کہ مصنف رح برای ہیچ یکی از آن بزرگواران وداع زنان اہلبیت را ذکر نمودہ است
بجز جناب امام حسینؑ چنانکہ خواہد آمد احتمال دارد کہ جناب امام حسینؑ بعلم امامت میدانست کہ حسنؑ
بن حسنؑ زندہ خواہد ماند و جناب فاطمہ را تا آخر روز ہدست آن بزرگوار نسپردہ باشد در ہمان روز ہدست او
بسپارد و امر بر مردم مشتبہ بشود و خیال بکنند کہ بجناب قاسمؑ تزویج فرمودہ است با وجود این ہیچ فائدہ
درچنین تزویج در آن گیر و دار صحۃ بلا بنظر نمی آید و اتفاق افتادن زفاف از جناب قاسمؑ در مانند
چنین روز مصیبت و محنت از جملہ مستبعدات عقلیہ و نقلیہ میباشد واللہ العالم بحقائق الامور انتہے
اور اس عبارت کا مطلوب پر بصراحت تمام دلالت کرنا اظہر من الشمس ہی لہذا طول کلام کی حاجت
نہین ہی **تنبیہ** اس عبارت مین دو امر قابل تعرض ہین اول یہ کہ اس عبارت سے حسنؑ مثنی کا جناب
امیر المومنینؑ کی حیات مین صدقات امیر المومنینؑ کے لیے متولی ہونا بصراحت معلوم ہوا جسکا باطل ہونا
محتاج بیان نہین ہی اسلیے کہ امام حسنؑ نے اُنکی مادر گرامی جناب خولہ بنت منظور فرازی سے بعد
شہادت جناب امیر المومنینؑ عقد فرمایا تھا لہذا حسنؑ مثنی کا حیات حضرت امیر المومنینؑ مین متولّی
صدقات ہونا کیونکر درست ہو سکتا ہی علاوہ برین اُن روایات سے جو متعلق بصدقات جناب
امیر المومنین علیہ السلام بحار الانوار وغیرہ مین مذکور ہین ظاہر ہی کہ امیر المومنین علیہ السلام اپنے صدقات

کے تا بحیات خود متولی تھے اور اپنے بعد جناب امام حسن علیہ السلام کو اور اُنکے بعد جناب امام حسین علیہ السلام کو متولی قرار دیا تھا **بالجملہ** صاحب محن الابرار نے بظاہر قول جناب شیخ مفید رح وکان یلی صدقات امیر المومنین فی وقتہ مین لفظ فی وقتہ کی ضمیر کو لفظ امیر المومنین کی طرف راجع کیا ہے حالانکہ وہ خود حسن مثنی کی طرف راجع ہی اور اس اشتباہ کی وجہ سے حسن مثنی کا حیات امیر المومنینؑ مین متولی صدقات ہونا تحریر کردیا ہی فتنبہ **دوم** یہ کہ اس عبارت کے فقرۂ و بروایت دیگر چہار دختر روایت کردہ است آہ سے علامۂ مجلسی کا ایک روایت مین حضرت کی چار صاحبزادیون کو جن مین دختر چہارم کا نام فاطمۂ صغری تھا نقل کرنا ظاہر ہوتا ہی حالانکہ علامۂ مجلسی رح نے کسی ایسی روایت کو نقل نہین کیا جس مین چار صاحبزادیون کا حضرت کی اولاد مین معدود ہونا اور دختر چہارم کا فاطمۂ صغری ہونا مذکور ہو البتہ علامہ علیہ الرحمہ نے فاطمۂ صغری کی روایت کو اخطب خوارزم سے مستقلاً نقل کیا ہی جس مین فاطمۂ صغری کے سوا کسی اور صاحبزادی کا تذکرہ نہین ہی اور اس روایت کے متعلق جو امر محقق ہی وہ کئی مرتبہ گذر چکا ہی فراجعہ **ازانجملہ** صاحب خیرات حسان ہین اُنھون نے بھی مطالب مذکورۂ بالا کے علاوہ خصوص قصۂ دامادی کی لغویت پر متنبہ کیا ہی چنانچہ کتاب مذکور کی جلد سوم نسخۂ مطبوعہ صفحہ ۵ پر یہ عبارت مرقوم ہی فاطمہ بنت سیدنا ابی عبد اللہ الحسینؑ بن امیر المومنین سلام اللہ علیہم از اغصان شجرۂ نبوت ست و اعراق دوحۂ عصمت مناقب و فضائل آن بزرگوار در نطاق بیان نگنجد یکی از معاجز آن حضرت کہ با ہزاران مزیت برابری میکند آن ست کہ پدرش ابا عبد اللہ و برادر شمائل و ملکات و ریاضت و عبادات تالی جدہ اش سیدۂ نسوان عالم صلوات اللہ علیہا قرار دادہ **ابن الصباغ** در کتاب الفصول المہمہ فی فضائل الائمہ میگوید حسنؑ بن حسنؑ بن علیؑ خدمت عم خود ابو عبد اللہ الحسینؑ آمدہ یکی از دو دختر او را خطبہ کرد و عرضہ داشت اختر لی احدیہما حضرت فرمود قد اخترت لک ابنتی فاطمۃ فہی اکثر شبہا باامی فاطمۃ بنت رسول اللہ صلعم اما فی الدین فتقوم اللیل وتصوم النہار واما فی الجمال فتشبہ الحور العین واما سکینۃ فغالب علیہا الاستغراق مع اللہ تعالی فلا تصلح لرجل اور اُسی جلد کے صفحہ ۶ مین مرقوم ہی علامۂ مجلسی اعلی اللہ مقامہ از ارشاد شیخ مفید علیہ الرحمہ

وغیرہ عن غیرہ روایت کردہ کہ حسن بن حسن شوی فاطمہ در واقعہ کربلا زخمی کاری خوردہ ومیان قتلی افتادہ بود چون شہدا را بحکم عمر سرمی بریدند اسماء بن خارجہ بمتابعت پیوندی کہ با حسن داشت نگذاشت او را سر ببرند یعنی عمر چون جہت رعایت اسماء دید حسن را باوی بخشید وبروایتی حسن درمیان اسیرہا بود واسماء او را مستخلص نمود بہر تقدیر حسن مثنی بعد از مراجعت بمدینہ زمانی لائق زندہ بود تا در سن سی وپنج سال رحلت فرمود وقتیکہ حسن درگذشت فاطمہ از فرط علاقہ کہ با پسر عم داشت برسر تربت وی خیمہ افراشت وتا یک سال معتکف آن خاک مطہر بود چون سال بسر رسید با غلامان بفرمود کہ شبانگاہ آن خیمہ فرود آورید واین خرگاہ درہم پیچید ہمین کہ بنیان آن بیت الاحزان بہم برزدہ راہ مراجعت گرفتند بانگ ہاتفی شنیدند کہ گفت ھل وجد وامافقد وآواز دیگری شنیدند کہ گفت بل یئسوا فانقلبوا این اتفاق بدیع وواقعۂ نادر از بخاری صاحب صحیح نیز مروی ست کہ نوشتہ لما مات الحسن بن علی ضربت امرأتہ القبۃ علی قبرہ سنۃ ثم رفعت فسمعوا صائحا یقول ھل وجد وامافقد وافاجابہ اخر بل یئسوا فانقلبوا وفی روایۃ انھا انشدت بیت لبید ؎

الی الحول ثم اسم السلام علیکم	ومن یبک حولا کاملا فقد اعتذر

اور اسی جلد کے صفحہ ۲ مین مرقوم ہو واز ہمین قبیل خرافات ست انچہ مابین عوام الناس اشتہار گرفتہ کہ حضرت فاطمہ بنت الحسینؑ را در کربلا با حضرت قاسم بن الحسنؑ عقد بستند ہرکس منشاء این شہرت کاذبہ را بخواہد بترجمہ سکینہ بنت الحسینؑ از جلد ثانی خیرات الحسان برگردد وہرکس در اولاد واثر از حضرت فاطمہ بنت الحسینؑ مزید بصیرت بجوید ترجمہ ابراہیم امام زیدیہ را از جلد اول دانشوران بگشاید رحلت حضرت فاطمہ بنت الحسینؑ حدسا وقیاسا باید در مدینۃ الرسول اتفاق افتادہ باشد ولی در ملک مصر مزاری معتبر بنام آن بزرگوار برپا ست وجماعتی از محدثین قطر مزبور مرقد مطہر آن حضرت را بطور تحقیق در آن میدانند اور خیرات حسان کی جلد دوم صفحہ ۲ بترجمہ حضرت سکینہ علیہا السلام مرقوم ہی بہرحال راجح در نظر نگارندہ آن ست کہ آنحضرت مقارن وقعہ طف در سن نسوان بودہ وشوی وی نیز در آن تاریخ ابن عمش عبد اللہ بن الحسنؑ بودہ چنانچہ در غالب آثار تصریح گردیدہ است وشوی خواہرش حضرت فاطمہ بنت الحسینؑ درہمان وقت برادر حضرت عبد اللہ حسن مثنی بودہ

چنانچہ در جمیع کتب شیعہ و اہل سنت مذکور و مسطور است کہ حسن بن حسنؑ خود برسم معہود آن روزگار بحضور
عم بزرگوار حضرت ابو عبد اللہ ارواحنا فداہ مشرف شد و یکی از عم زادگان را خواستگاری کرد حضرت ابو عبد اللہ
فرمود ای برادر زادہ من از تو ہمی در انتظار این اظہار بودم از دو دختر عمت فاطمہؑ و سکینہؑ خود یکے را
اختیار میکن حسن مثنی رضی اللہ عنہ فاطمہ را برگزید و امام علیہ السلام فاطمہ را بالعقد وی در آورد اور اسی جلد
کے صفحہ ۸ مین یہ عبارت مرقوم ہی الحاصل حضرت ابو عبد اللہ ارواح العالمین فداہ خود ہر دو دختر بزرگوار
را بحسن و عبد اللہ برادر زادگانش تزویج فرمودہ است و حضرت حسن مثنی باتفاق جمیع افاضل ارباب
مقاتل و غیرہم در روز عاشورا چند زخم برداشت و در جرگ شہیدان بیفتاد و چون سرہا را بحکم عمر بن سعد
از ابدان جدا میکردند و روی احساس حیات نمودند خالش اسما حاضر سپاہ اعداء اللہ بود از عمر بن سعد
تمنای بخشش او کرد عمر حسن را بدو باز گذارد و او حسن را معالجہ نمود و سالہا آن بزرگوار با فاطمہ بنت الحسینؑ
زندگانی کرد تا بمدینۃ الرسول در گذشت اور اسی جلد کے صفحہ ۱۸ مین مرقوم ہی اما شوی حضرت سکینہؑ را
این اتفاق کہ برای شوہر حضرت فاطمہ افتاد نیفتاد لاجرم در کربلا بسعادت شہادت فائز گردید اور اسی
جلد کے صفحہ ۸۴ مین مرقوم ہی پس در اینکہ حضرت سکینہ مقارن واقعۂ کربلا بسن نسوان بودہ بلکہ شوی
داشتہ برای متتبع مضطلع جای شبہہ نیست بلکہ در اینکہ بخصوص عبد اللہ بن الحسنؑ بشوی آنحضرت بودہ ہم
نباید تامل داشت ولی آیا جشن عروسی و رسم زفاف در میان حضرت سکینہؑ و حضرت عبد اللہ بن الحسنؑ واقع
گردید یا این اتفاق نیفتاد عبد اللہ بشہادت رسید الظاہر المصرح بہ فی بعض العبائر شق ثانی ست اور
اسی جلد کے صفحہ ۸۵ مین مرقوم ہی و نگارندہ را ہیچ شک نیست در اینکہ داستان عروسی قاسم بن الحسن
و فاطمہ بنت الحسینؑ کہ از مشہورات بلا اصل ست و علامہ مجلسی با ہمہ تتبع و احاطۂ تخریج و تصحیح آن نفرمودہ و محققین
از علماء متاخرین منع شدید از تذکرۂ آن می کنند اشتباہی ست بمسئلہ مزاوجت حضرت سکینہ و عبد اللہ بن
الحسنؑ و عدم اتفاق عرس و شہادت زوج قبل الزفاف حسب ما یقضی بہ الحدس من ذوی الاستقامۃ و
الانصاف انتہی اور خیرات حسان کی ان عبارتون کا ہمارے مطلوب پر دلالت کرنا اظہر من الشمس و ابین
من الامس ہی اور یہان دو امرون پر تنبیہ کرنا ضروری ہی اول یہ کہ حضرت سکینہ سلام اللہ علیہا کا

مقارن واقعۂ کربلا بسن نسوان ہونا جسکو صاحب خیرات حسان نے اختیار کیا ہو بظاہر نہایت مستبعد ہے
اسلیے کہ جناب سکینہ کا جناب فاطمہ بنت الحسینؑ سے اصغر ہونا ابو جعفر طبری اور ابن اثیر و سید مومن شبلنجی
کی عبارتون مین مذکور ہو چکا ہی اور چونکہ خود جناب فاطمہؑ کے سن شریف کا واقعۂ کربلا مین تقریباً ۹ سال
سے زائد ہونا درست نہین ہو سکتا جسکی وجہ اس رسالہ مین مذکور ہی اس تقدیر پر جناب سکینہؑ کا بسن
نسوان ہونا کیونکر درست ہوگا پس بظاہر کربلا مین اُنکا سن شریف سات آٹھ برس سے زائد نہ تھا اور
اُنکے عقد کا جناب عبداللہ بن حسنؑ کے ساتھ واقع ہونا اُنکے بسن نسوان ہونے کی دلیل نہین ہی اس لیے کہ
عقد کا صغر سنی مین واقع ہو جانا کچھ بعید نہین ہی خصوصاً جبکہ شوہر بھی صغیر السن ہو واللہ تعالی ہو العالم
دوم یہ کہ صاحب خیرات حسان کی تصریح سے محققین علماء متاخرین کا قصۂ دامادی کے مذاکرہ کو منع شدید
کرنا معلوم ہوا اس مقام سے قول فاضل دربندی رحمہ اللہ وقوعہا مما صرح بہ جم غفیر من متاخر المتاخرین
کی حقیقت زیادہ منکشف ہوتی ہی اللھم الا ان یراد من متاخر المتاخرین فی کلامہ رحمہ اللہ تعالی المغفلون
منہم وح لا منافاۃ بین منع المحققین من المتاخرین عن مذاکرتہا وبین تصریح المغفلین منہم بوقوعہا
فتامل جیداً **اور** واضح ہو کہ صاحب خیرات حسان نے عروسی حضرت قاسم علیہ السلام کے باطل ہونے
کی کتاب المآثر والآثار مین بھی تصریح کی ہی اور چونکہ کتاب مذکور کی عبارت خود سوال مین مندرج ہو چکی ہی
لہذا اس مقام پر اُسکے نقل کرنے کی حاجت نہین ہی **ازانجملہ** سپہر کاشانی مؤلف ناسخ التواریخ مین
چنانچہ اُنھون نے بھی قصۂ دامادی کے دروغ اور موضوع ہونے پر نص کی ہی وھذا عیون الفاظہ **واما**
حسن بن حسنؑ کہ اورا حسن مثنی گویند درخاطر داشت کہ دختر امام حسینؑ را در حبالۂ نکاح درآورد چون این
خبر را بعرض حسینؑ رسانیدند اورا امر ساخت و فرمود اینک فاطمہ و سکینہ دختران من اند ہر یکی را خواستار
باشی با تو کابین خواہم بست حسن شرمناک سر فرود داشت و سخن نکرد حسینؑ فرمود من دختر خود فاطمہ را
کہ با مادرم شبیہ تر ست با تو کابین بستم ابو نصر بخاری گوید فاطمہ از حسن سہ پسر آورد نخستین عبد اللہ کہ اورا
عبد اللہ محض گویند دوم ابراہیم کہ اورا ابراہیم غمر گویند سوم حسن و اورا حسن مثلث گویند و ما شرح
حال ایشان را و اولاد ایشان را بطناً بعد بطن در کتاب امام حسنؑ نگاشتیم بالجملہ حسن بن حسن مثنی در یوم طف بالشکر

دختر قابل تزویج بی شوہری پیدا کرد تا که این قصه با قطع نظر از صحت وسقم نقل وقوعش ممکن باشد واما
قصۂ زبیدہ وشہربانو وقاسم ثانی درخاک ری واطراف آن که در السنۂ عوام دائر شدہ پس آن از خیالات
واہیہ است که باید در پشت کتاب رموز حمزہ وسائر کتابہای مجعولہ نوشت وشواہد کذب بودن آن
بسیار است وکلام علمای انساب متفقند که قاسم بن حسن علیہ السلام عقب ندارد انتہی المقصود من
کلامہ فی المقام **عبارات** مذکورہ علی الخصوص علامہ نوری قدس سرہ کی تحریر دلپذیر پر نظر کرنے کے بعد
اس قصہ کے بے اصل وموہون ہونے مین کسی عاقل کے لیے شبہہ نہین رہ سکتا اسلیے کہ ان جملہ
عبارتون مین قصۂ مذکورہ کے باطل ہونے کے ادلہ باہرہ اور حجج قاہرہ بھی موجود ہین اس صورت
مین جو حضرات کہ قصۂ مذکورہ کے ثبوت کا دعوی کرین وہ اول انکا باطل ہونا علمائے اعلام کے کتب
معتبرہ سے ثابت فرمائین وانی لہم ذلک **تنبیہ** حضرات مذکورین کے علاوہ بھی مشاہیر علمائے عراق نے
اس قصہ کے باطل وموہون ہونے کی تصریح فرمائی ہی جنکے نصوص وتصریحات شائع ہو چکے ہین لہذا انکے
اس رسالہ مین وارد کرنے کی حاجت نہین ہی فمن شاء الاطلاع علیہا فلیرجع الیہا واللہ الہادی
تذنیل جمیل اس مین بعض امور ضروریہ سے تعرض کرنا قرین صواب ہی اور وہ کئی فصلون پر مشتمل ہے
فصل اول اسمین بعض شبہات جدیدہ کا وارد کرنا مناسب معلوم ہوتا ہی جن سے قصۂ مذکورہ کے ثبوت پر
پر استدلال کرنے کا توہم ہو سکتا ہی اور وہ کئی ہین **پہلا شبہہ** جناب شیخ جعفر علیہ الرحمہ نے جو اوثق
مجتہدین ہین اور انکی جلالت قدر اظہر من الشمس ہی اس قصہ کو اپنی تقریرات شریفہ مین وارد کیا ہی جو
انکے موثوق الصدور اور مظنون الوقوع ہونے کی امارت ہی اور اس شبہہ کا جواب کئی وجہ سے
ممکن ہی **پہلی وجہ** یہ کہ یہ قصہ فوائد المشاہد مین وارد کیا گیا ہی جسکو خود جناب شیخ مرحوم نے تحریر نہین
فرمایا بلکہ بعض فضلائے اس مین تقریرات جناب شیخ کو جمع فرمایا ہی پس ممکن ہی کہ مؤلف تقریرات نے
اس حکایت کو بمناسبت مقام خود داخل کر دیا ہو اس تقدیر پر اس قصہ کو جناب شیخ مرحوم کا وارد کرنا ثابت
ہوگا اور مؤلف تقریرات کے وارد کرنے کا امارت ثبوت ہونا خالی از اشکال نہین ہی **دوسری وجہ**
یہ کہ اگر خود جناب شیخ کا اس قصہ کو ذکر کرنا تسلیم کیا جائے تب بھی اسکا محل استدلال مین کافی ہونا محل

مذکور کے صفحہ ۳۶۵ مین مرقوم ہی این داماد و عروس میان شان مناسبات تشبیہات بسیار راست یکی آنکہ داماد
از ضربت یک ملعون بزمین افتاد و عروس ہم از کعب نیزہ یک ظالمی بزمین افتاد دویم آنکہ داماد وقتی کہ
بزمین افتاد استغاثہ کرد گفت یا عماہ و عروس ہم بزمین افتاد استغاثہ کرد گفت یا عمتاہ داماد عمو را صدا
زد برای آنکہ سرش را آن ظالم جدا نکند عروس ہم عمہ را صدا کرد برای سرش عرض کرد یا عمتاہ ہل من خرقۃ
استر بہا وجہی انتہی بلفظہ اس عبارت سے معلوم ہوا کہ جناب قاسمؑ کا عقد اُن صاحبزادی کے ساتھ
واقع ہوا تھا جنکو ایک ظالم نے کعب نیزہ کے ساتھ آزار پہونچایا تھا اور اُنکے سر اقدس سے مقنعہ کو
اُتار لیا تھا جنکے بعد اُن صاحبزادی نے اپنی عمہ معظمہ کو پکار کر فقرۂ مذکورہ اپنی زبان مبارک پر جاری کیا
تھا اور اس مطلب کا جناب فاطمہ بنت الحسینؑ سے متعلق ہونا کسی ناظر متتبع پر پوشیدہ نہین رہ سکتا
چنانچہ منتخب نسخۂ مطبوعہ جزو اول مجلس تاسع صفحہ ۱۰۹ مین مرقوم ہی حکی ان فاطمۃ الصغری قالت کنت
واقفۃ بباب الخیمۃ آہ جس مین فقرۂ فاذا برجل علی ظہر جوادہ یسوق النساء بکعب رمحہ اور فقرۂ واذا بہ قد تبعنی
فذہلت خشیۃ منہ فاذا بکعب الرمح بین کتفی فسقطت علی وجہی فخرمت اذنی واخذ قرطی واخذ مقنعتی عن
راسی وترک الدماء تسیل علی خدی اور فقرۂ فقمت وقلت یا عمتاہ ہل من خرقۃ استر بہا راسی عن
اعین النظار آہ موجود ہی جو اس رسالہ مین بھی مذکور ہو چکی ہی اور اسی روایت کو بتغیر یسیر بحار و عوالم مین
بعض کتب اصحاب سے نقل کیا ہی اس تقدیر پر قصۂ مذکورہ سے جناب قاسمؑ کے عقد کا جناب فاطمہ
بنت الحسینؑ کے ساتھ واقع ہونا لازم آتا ہی جو کربلا سے معلّی مین مع اپنے شوہر جناب حسن مثنی کے موجود
تھین ومن المتیقن المعلوم ان بطلان اللازم یلزمہ بطلان الملزوم اور اسی مقام سے قصۂ مذکورہ کا جناب
شیخ مرحوم کی تقریرات شریفہ مین مدسوس ہونا مظنون ہوتا ہی واللہ تعالی ہو العالم دوسرا شبہہ جناب
سید ہاشم بحرینی نے ایک حدیث کے ضمن مین حضرت امام زین العابدینؑ کی زبانی جناب سید الشہداؑ سے
جناب قاسم بن حسنؑ کی بہ نسبت فقرۂ بعد ان تبلی ببلاء عظیم نقل فرمایا ہی جو بظن غالب یا قریب بہ یقین
اس قصہ کی طرف اشارہ ہی چنانچہ کتاب مدینۃ المعاجز معجزات حضرت سید الشہداؑ صفحہ ۲۰۹ مین مرقوم ہی
ابن حمدان الحضینی فی ہدایتہ باسنادہ عن ابی حمزۃ الثمالی قال سمعت علی بن الحسین سید العابدین یقول

لما كان اليوم الذی استشهد فيه ابی ؑ جمع اهله واصحابه فی ليلة ذلك اليوم فقال لهم يا اهلی وشيعتی اتخذوا هذا
الليل جملا لكم فانجوا بانفسكم فليس المطلوب غيری ولو قتلونی ما فكروا فيكم فانجوا رحمكم الله فانتم فی حل
وسعة من بيعتی وعهدی الذی عاهدتمونی عليه فقال اخوته واهله وانصاره بلسان واحد والله يا سيدنا
يا ابا عبد الله لا خذلناك ابدا والله لا قال الناس تركوا امامهم وكبيرهم وسيدهم وحده حتی قتل ونبلو بيننا وبين
الله تعالی عذرا ولا نخليك او نقتل دونك **فقال** ؑ يا قوم فانی غدا اقتل وتقتلون كلكم معی حتی لا يبقی منكم
احد فقالوا الحمد لله الذی اكرمنا بنصرك وشرفنا بالقتل معك اوَلا يردون معك فی درجتك يا ابن رسول الله
فقال لكم جزاكم الله خيرا ودعا لهم بخير فاصبح وقتل وقُتل معه اجمعون **فقال** له القاسم بن الحسن وانا
فيمن يقتل فاشفق عليه **فقال** له يا بنی كيف الموت عندك قال يا عم احلی من العسل فقال ای والله فداك
عمك انك لاحد من يقتل من الرجال معی بعد ان تبلوا ببلاء عظيم وابنی عبد الله فقال يا عم ويصلون الی النساء اه

ولا ترضی ان نكون ظ

وقتلوا معه ظ

اور السان کے لیے عقد کے بعد فوراً اپنی زوجہ سے مفارقت کرنے کا بلائے عظیم ہونا واضح ہو اور اس
شبہہ کا جواب یہ ہو کہ فقرۂ مذکورہ کا قصۂ دامادی پر بوجوہ من الانحاء دلالت نہ کرنا محتاج بیان نہیں ہو بلکہ
اس استدلال کی غرابت اور مزید نکارت کا اندازہ نہیں ہو سکتا اور فقرۂ مذکورہ میں قصۂ دامادی کی طرف
اشارہ ہونیکا شخص خالی الذہن اور عارف باللسان کو وہم بھی نہیں ہو سکتا فضلاً عن الظن فضلاً عن کونہ
متاخماً للعلم اسلیے کہ لفظ بلا کے معنی اختبار و امتحان کے ہیں پس فقرۂ مذکورہ سے جناب قاسم کا امتحان
سخت اور اختبار عظیم کے بعد درجۂ شہادت پر فائز ہونا مراد ہو قال فی مجمع البحرین قوله تعالی ان هذا
لهو البلاء المبين اراد به الاختبار والامتحان يقال بلاه يبلوه اذا اختبره وامتحنه وبلاه بالخير او الشر يبلوه
بلوا وابلاه بالالف وابتلاه بمعنی امتحنه والاسم البلاء مثل سلام والبلوی والبلية مثله والبلاء علی ثلثة
اوجه نعمة واختبار ومكروه قوله لتبلون فی اموالكم وفی انفسكم يريد توطين النفس علی الصبر كما جاءت به
الرواية عنهم عليهم السلام وساق الكلام الی ان قال والبلاء يكون حسنا وسيئا واصله المحنة والله يبلو العبد
بما يحبه ليمتحن شكره وبما يكرهه ليمتحن صبره قال تعالی ونبلوكم بالشر والخير فتنة الی آخره اور شہادت
اعزا و اقربا اور جہاد ملاعین اور دیگر مصائب پر صبر و تحمل کرنے کے ساتھ جناب قاسم کا امتحان عظیم ہونا

اور اسکے بعد اُنکا درجۂ شہادت پر فائز ہونا قابل انکار نہین ہی اور عقد عروسی کا بلاۓ عظیم کے مفہوم عرفی ولغوی
سے خارج ہونا معلوم ہی اور عقد عروسی اور بلاۓ عظیم مین جو منافرت ہی وہ خود ظاہر ہی اور اگر بلاۓ عظیم سے
عقد عروسی کا واقع ہونا اور عقد کے بعد فوراً مفارقت کا پیش آنا مراد ہی تو فقرۂ مذکورہ از قسم چیستان و از قبیل
المعنی فی بطن الشاعر قرار پاتا ہی اور فقرۂ مذکورہ سے اس مطلب کا خود جناب قاسم کے ذہن مین بھی خطور
نہ ہوا ہوگا فضلا عن غیرہ پس امام سے ایسے کلام کا صادر ہونا کیونکر تسلیم کیا جاۓ جو مخاطب کے ذہن
مین بھی نہ آۓ حالانکہ کلام سے اصل مقصود افادہ و استفادہ ہوتا ہی مع ذلک بیان مراد مین وقت حاجت
سے تاخیر کرنے کا قبیح ہونا اپنے مقام پر ثابت ہو چکا ہی بہر حال اگر سرعت افتراق بعد العقد کا مطلقاً
داخل بلا ہونا تسلیم کیا جاۓ تو وہ بلاۓ خاص ہو گی جسپر لفظ بلاۓ عظیم کو کسی قسم کی دلالت نہین ہی
لان العام لا یدل علی الخاص باحدی الثلث اور اہل لسان کے محاورات مین فقرۂ مذکورہ اور اُسکے امثال کا
عند الشدائد صبر کرنے اور خصوص معرکۂ جدال و قتال کے وقت ثابت قدم رہنے اور مزید شجاعت اور
جوانمردی کے ظاہر کرنے کے مقام پر زائد استعمال ہوتا ہی البتہ فقرۂ مذکورہ سے عقد عروسی کو وہ شخص
سمجھ سکتا ہی جسکے ذہن مین عقد مذکور کا ثبوت قبل سے راسخ ہو چکا ہو جو شائبۂ دور سے خالی نہین ہے
علاوہ برین شوہر کے حق مین زوجہ کی مفارقت کا مصداق بلاۓ عظیم ہونا ہرگز قابل تسلیم نہین ہے
البتہ اسکے عکس کا بلاۓ عظیم ہونا مسلم ہو سکتا ہی اور اگر بفرض محال فقرۂ مذکورہ سے یہی معنی مراد لیے
جائین تو جناب قاسم کے مراتب جلیلہ مین قدح عظیم لازم آئیگی اسلیے کہ اس تقدیر پر اُنکا فقط مفارقت
عروس پر صبر کر کے شہادت پانا ثابت ہوگا اور اگر بلاۓ عظیم سے عقد عروسی مع دیگر مصائب مراد لیا جاۓ
تو لفظ واحد کا اطلاق واحد مین معنی واحد سے زائد مین استعمال کرنا لازم آئیگا وھو باطل عند المحققین مع ذلک
بلاۓ عظیم سے جس طرح کہ خصوص قصۂ دامادی اور فراق عروس کے مراد ہونیکا احتمال مستدل نے بیان کیا ہی
اسی طرح دیگر مصائب مین سے ہر ایک مصیبت کے مراد ہونے کا بھی احتمال ہی پس فقرۂ مذکورہ کو معنی
اول پر محمول کرنا اور معنی دوم پر محمول نہ کرنا ترجیح بلا مرجح ہی حالانکہ معنی دوم کے مراد ہونیکو ترجیح حاصل ہی
اسلیے کہ دیگر مصائب کا واقع ہونا اور جناب قاسم کا اُن مین مبتلا ہونا اور اُنپر صبر کرنا قطعاً ثابت ہی بخلاف

قصۂ عروسی کے کہ اُسکا واقع ہونا محض احتمال ہی پس فقرۂ مذکورہ سے معنی دوم کا مراد ہونا اقرب الی السداد
ہی حالانکہ اس مقام پر قصۂ مذکورہ کے ثبوت پر محض فقرۂ مذکورہ سے استدلال کرنا مطلوب ہی پس اُس سے
قصۂ مذکورہ کے مراد ہونیکا دعوی کرنا مصادرہ علی المطلوب کو مستلزم ہی اور اگر جملہ امور سے قطع نظر کیجائے
اور فقرۂ مذکورہ کا قصۂ عروسی و مفارقت زوجہ مین نص ہونا بھی تسلیم کرلیا جائے تو صاحب دختر کو اپنے
داماد سے اس قسم کا خطاب کرنا کیونکر زیبا ہوگا وبالجملۃ فنکارۃ ہذہ الشبہۃ اللاحنۃ لا تخفی علی اہل الانصاف
تیسرا شبہہ اس واقعہ کے لیے شیعیان عجم مین مدت دراز سے شہرت حاصل ہی جو بنفسہا اس قصہ کے
ثبوت مین دلیل واضح ہوسکتی ہی اور اُسکے ساتھ کسی روایت کے انضمام کی بھی حاجت نہین ہی اور اس
شبہہ کا جواب یہ ہی کہ جو شہرت کہ محل استدلال مین پیش ہوسکتی ہی وہ شہرت بین العلما ہی جسکا اس مقام پر
مفقود ہونا واضح ہی اسلیے کہ اُسکا فرقۂ محقہ کے احادیث مین موجود نہ ہونا بتصریحات فحول ثابت ہی اور
جناب سلطان العلما سے بھی اس مطلب کی تصریح منقول ہوئی ہی اور رعایاہ کے جمہور علما و مؤرخین نے بھی اسکو
نقل نہین کیا بلکہ اُنکے کتب و اسفار مین اس قصہ کے خلاف کی تصریحات موجود ہین چنانچہ اس مطلب کی
اُن حضرات نے بھی تصریح کی ہی جنھون نے اس قصہ کو اپنے کتب مین جگہ دی ہی یظہر ذلک بالرجوع الی کتبہم
اور جناب علیین مکان کی عبارت منقولہ کے فقرۂ ددوایۃ تزویج القاسم لو تذکر فی الکتب الکتب المعتمدۃ
اور فقرۂ لکن منضمن ہذہ الحکایۃ معشن وذہا مما یستغرب وقوعہا آہ مین بھی اس قصہ کا شاذ اور غیر
مشہور ہونا منصوص ہی پس ایسی صورت مین قصۂ مذکورہ کا مشہور ہونا کیونکر قابل تسلیم ہوسکتا ہی پس
اگر عبارت شبہہ مین شیعیان عجم سے اُس مقام کے علماے اعلام کا قصد کیا گیا ہی تو وہ ہرگز مسلم اور درست
نہین ہی اور اگر عوام شیعہ کا ارادہ کیا گیا ہی تو بعد تسلیم مفید نہین ہی حالانکہ عجم کے عوام شیعہ مین بھی اس
قصہ کا مدت دراز سے مشہور ہونا خالی از اشکال نہین ہی اسلیے کہ صاحب روضۃ الشہدا کے قبل اس
قصہ کا شیعیان عجم کے عوام یا خواص مین متداول ہونا معلوم نہین ہوتا اور اُنکے بعد اس قصہ کا عجم کے
عوام شیعہ مین متداول ہوجانا اُسکے حجت ہونے کی سند نہین ہوسکتی پس جب شہرت کا منشا فقط روضۃ الشہدا
فرض کیا جائے اُسکے غیر معتبر ہونے مین کیا شبہہ ہوسکتا ہی اور صاحب روضۃ الشہدا اگرچہ متہم بالوضع نہون

لکن اُنکے ماخذ کا معتبر ہونا کیونکر ثابت ہو خصوصاً جبکہ اُنکی کتاب مین بہت سے منکرات کا کتب مجہولہ منکرہ
سے ماخوذ ہونا بھی مشاہد ہی اور مجرد احتمال عقلی سے کسی واقعۂ تاریخیہ کا ثبوت نہین ہوسکتا والا جملہ ممکنات
کا ثابت اور واقع ہونا لازم آئیگا ولا یقول بہ سفیہ فضلا عن اللبیب المنتبہ اور بظاہر قصۂ مذکورہ کے
مشہور اصطلاحی ہونیکا کسی عالم نے بھی دعویٰ نہین کیا اسی لیے بعض افاضل نے اُسکے شاذ مقبول ہونیکا
احتمال بیان کیا ہی جس سے عنقریب تعرض کیا جائیگا ان شاء اللہ تعالیٰ با اینہمہ اگر اُسکے مشہور اصطلاحی ہونے کو
تسلیم بھی کرلین تو اُسکا حجت ہونا کسی طرح تسلیم کرنے کے قابل نہین ہی اسلیے کہ اُسکے حجت ہونے مین
قائلین بالحجیہ کے نزدیک بھی فقدان معارض شرط ہی اور اس مقام پر معارض قوی موجود ہی جو قصۂ مذکورہ
کے بے اصل ہونے پر دلالت کرتا ہی جسکی فی الجملہ توضیح اس رسالہ مین بھی کی گئی ہی حالانکہ واقعۂ کربلا مین
شیعیان عجم کی صدہا کتابین موجود ہین لکن اس قصہ کو جسنے ذکر کیا ہی فقط روضۃ الشہدا یا منتخب ہی سے
نقل کیا ہی جیسا کہ اُنکی طرف رجوع کرنے سے معلوم ہوسکتا ہی پس جن حضرات کی شہرت کا ماخذ بھی خود اُنکے
مؤلفات مین مذکور ہو باوجود اسکے اُنکی شہرت کا قصۂ مذکورہ کے ثبوت مین پیش کرنا کیا معنی رکھتا ہے
اور اگر کوئی صاحب اس مطلب کا انکار فرمائین تو وہ ازراہ مہربانی شیعیان عجم کی کسی ایسی کتاب کا نشان
دین جو ملا حسین کاشفی کے قبل تالیف ہوئی ہو اور مع ذلک قصۂ مذکورہ اُسمین مندرج ہو ہم اُن کی
اس عنایت کے بے حد ممنون ہونگے بظاہر اس قصہ کا احادیث شیعہ مین وجود نہین ہی جو کچھ اسکی اصل بے
سروپا معلوم ہوتی ہی وہ عامہ کے بعض عوام کی روایت مستنکرہ ہی چنانچہ اکلیل المصائب وغیرہ کتب مین
اس مطلب کی تصریح بھی موجود ہی اس تقدیر پر قصۂ مذکورہ کے مشہور بین شیعۃ العجم ہونیکا دعوی کس قدر
غریب قرار پاتا ہی بلکہ اس تقدیر پر اگر ماقبل زمان ملا حسین کاشفی کے کسی شیعہ کی کوئی ایسی تالیف
بہم بھی پہونچی جو اس قصہ کو متضمن ہو تب بھی شہرت اصطلاحیہ کے بین شیعۃ العجم او غیرہم متحقق ہونے کا
دعوی کسی طرح درست نہین ہوسکتا کیونکہ اس قصہ کو ایک شیعہ نے بھی روایت نہین کیا حالانکہ مشہور سے

اکثر اور جمہور کا روایت کرنا مراد ہوتا ہی جو مقابل شاذ ہی سے ہین تفاوت رہ از کجاست تا بکجا ھذا واللہ تعالی ھو العالم چوتھا شبہہ جناب مفتی سید محمد عباس صاحب قبلہ مرحوم اعلی اللہ مقامہ نے جو سر آمد علماے اعلام ہین مثنوی بیت الحزن مین فرمایا ہی سے

علی اکبرم بر دل سنان خورد
چہا بر تازہ داماد م نرفتہ است

زجور پیر گردون نوجوان مرد
وداع قاسم از یادم نرفتہ است

جس سے جناب قاسم کی دامادی کے قصہ کا صحیح ہونا ثابت ہوتا ہی اور اس شبہہ کا جواب یہ ہی کہ جناب مفتی صاحب قبلہ مرحوم اعلی اللہ مقامہ کے شعر سے عقد جناب قاسم کے ثبوت پر استدلال کرنا درست نہین ہی اسلیے کہ شعر مذکور مین بظاہر دو امر بطور استقلال مذکور ہوے ہین اول تازہ داماد کے مصائب و آلام دوم جناب قاسم کی وداع محنت انجام اور اس مین تازہ داماد سے خصوص جناب قاسم کے مراد ہونے کی تصریح نہین ہی اور اسی طرح لفظ تازہ داماد سے خصوص جناب قاسم کا مراد لینا بے وجہ ہی اسلیے کہ لفظ تازہ داماد عام ہی جسکو خصوص جناب قاسم کے مراد ہونے پر من جملہ اقسام دلالت کسی قسم کی دلالت نہین ہی ضرورۃ عدم دلالۃ العام علی الخاص بوجہ بہرحال تازہ داماد سے خصوص جناب قاسم کا ارادہ کرنا بالکل بے سند اور از قبیل مصادرہ علی المطلوب ہی پس حسب قواعد مقررہ ہم کو لفظ تازہ داماد کے مصداق کی تعیین مین ادلہ خارجیہ کی طرف رجوع کرنا متعین ہوگا اور محض تشہی نفس سے اسکے مصداق کا معین کر لینا درست نہ ہوگا پس واضح ہو کہ امور خارجیہ پر نظر کرنے سے لفظ تازہ داماد کے مصداق مین دو احتمال پیدا ہوتے ہین اول لفظ تازہ داماد سے جناب قاسم کا مراد ہونا اس احتمال کا شاہد فقط عبارت روضۃ الشہدا ہی جیسا کہ جناب علیین مکان طاب ثراہ کے کلام سے بھی مستفاد ہوتا ہی لکن چونکہ اعلام سابقین اور متقدمین لاحقین کے نصوص و تصریحات سے جناب قاسم کی دامادی کے قصہ کا التزاما یا مطابقۃ بے اصل و موہون ہونا ثابت ہو چکا ہی لہذا جناب مفتی صاحب قبلہ مرحوم اعلی اللہ مقامہ کے شعر مین تازہ داماد سے جناب قاسم کا مراد لینا درست نہ ہوگا اسلیے کہ کلمات اعلام کا حتی الامکان محمل صحیح پر محمول کرنا سزاوار ہی پس جو بزرگ کہ اس احتمال کی صحت پر اصرار رکھتے ہون وہ اول جناب قاسم

کی دامادی کے قصہ کو ثابت کرین ددد نہ حزط القتاد **علاوہ برین** ظاہر شعر سے تازہ داماد اور جناب قاسم کا متغائر ہونا مستفاد ہوتا ہی اور دعوی اتحاد خلاف ظاہر ہی جسکی طرف بدون وجہ وجیہ رجوع کرنا درست نہین ہو سکتا **دوم** لفظ تازہ داماد سے جناب عبداللہ بن حسنؑ کا مراد ہونا جسکی وجہ یہ ہی کہ جناب عبداللہ بن الحسن کا عقد حضرت سکینہ سے قبل ز واقعہ کربلا ہوا تھا اور ہنوز رخصت کی نوبت نہ آئی تھی کہ واقعۂ کربلا درپیش ہوا اور حضرت عبداللہ بن حسنؑ شہید ہو گئے جیسا کہ علامہ طبرسی علیہ الرحمہ نے کتاب اعلام الوری مین تصریح تحریر فرمایا ہی اور جسکی تائید قول ابو الفرج اصفہانی اور فاضل صبان مصری وشیخ حسن حمزاوی وغیرہم سے ظاہر ہی **لہذا** جناب مفتی صاحب مرحوم طاب ثراہ کے شعر مین تازہ داماد سے جناب عبداللہ بن حسن کا ارادہ کرنا سزاوار بلکہ معین ہی اذلا ثالث لہما اس احتمال کی بناپر ظاہر شعر کی بھی مخالفت لازم نہ آئیگی اور اس تقدیر پر شعر مذکور کے مصرع اول مین جناب عبداللہ بن حسنؑ کے مصائب کا اور مصرع دوم مین جناب قاسم کے مصائب کا تذکرہ ہوگا جو بظاہر بالکل بے اشکال معلوم ہوتا ہی **علاوہ برین** اگر تازہ داماد سے جناب قاسم کا ارادہ کیا جائیگا تو دونون مصرعون مین ایک ہی معنی کی تکرار لازم آئیگی جو از قبیل تاکید ہوگی **اور** اگر تازہ داماد سے جناب عبداللہ بن حسنؑ کا ارادہ کیا جاے گا تو دو معنون کا مرقوم ہونا لازم آئیگا جو از قبیل تاسیس ہوگا اور تاسیس کا تاکید پر راجح ہونا معلوم ہی اور اگر شعر مذکور مین تازہ داماد سے خصوص جناب قاسم کے مراد ہونیکا معین ہونا فرض کیا جائے تب بھی اُسکے ساتھ قصۂ مذکورہ کے ثبوت پر استدلال کرنا درست نہ ہوگا اسلیے کہ شعر مذکور مین تازہ داماد سے جناب قاسم کے مراد ہونے اور جناب قاسم کے فی نفس الامر تازہ داماد ہونے مین کوئی تلازم نہین ہی ضرورة ان الاول اعم من الثانی اور استدلال مذکور فقط بر تقدیر تلازم تمام ہوتا ہی نہ مطلقاً حالانکہ اگر تلازم مذکور کے قائل ہون تو درجہ حکایت کا درجہ محکی عنہ کے ساتھ متحد ہونا اور وجود ذہنی کا عین وجود نفس الامری ہونا لازم آئیگا والتالی بکلا شقیہ باطل فکذا المقدم **بہر کیف** جبکہ حضرت قاسم علیہ السلام کی عروسی کے قصہ کا ادلۂ قویہ سے بے اصل ہونا ثابت ہی تو اُن کے مقابلہ مین اس قصہ کا بتمامہا نقل کر دینا یا بقضہا و قضیضہا نظم کر دینا ہی اُسکے ثبوت کو مستلزم نہین ہو سکتا چہ جائے کہ اُسکے متعلق

اس اجمال سے کوئی مصراع نظم کیا جائے واللہ الہادی **پانچوان شبہہ** کتاب نہر المصائب مین عقد
قاسم بن حسن کی روایت کو مجالس مفجعہ اور منتخب اور بحر المصائب سے نقل کیا ہی اور کتاب نہر المصائب
پر جناب مولانا سید ابو الحسن صاحب قبلہ معروف بہ جناب ابو صاحب اعلی اللہ مقامہ نے اپنی
تقریظ مین تحریر فرمایا ہے کہ اس کتاب کو مرزا قاسم علی صاحب نے کتاب بحر المصائب سے منتخب
کیا ہے جس کی آیۃ اللہ العظمی سید العلما جناب میرن صاحب اعلی اللہ مقامہ نے توثیق
فرمائی ہے اور جا بجا روایات کتب معتبرہ اُس مین اضافہ کیے ہین اور اس سے روایت عقد کا جناب
مرحوم کے نزدیک صحیح ہونا ثابت ہوتا ہی **اور** اس شبہہ کا جواب یہ ہی کہ جناب مرحوم اعلی اللہ مقامہ کی عبارت
شریفہ سے عقد جناب قاسمؑ کے ثبوت پر استدلال کرنا بظاہر بالکل بے وجہ ہی اسلیے کہ جناب مرحوم طاب
ثراہ وجعل الجنۃ مثواہ نے اس مطلب کو نہر المصائب کی جلد اول پر تحریر فرمایا ہی جس مین جناب قاسمؑ کی
دامادی کا قصہ اصلا مذکور نہین ہی اور وہ جلد بانفرادہ ماہ اگست ۱۸۸۷ء مطابق ماہ ذیقعدہ ۱۳۰۴ھ
مین طبع ہو کر شایع ہو چکی ہی جسکا حال جلد مذکور کی طرف رجوع کرنے سے معلوم ہو سکتا ہی **البتہ** قصۂ
مذکورہ کا نہر المصائب کی جلد دوم مین تذکرہ ہوا ہی جو بانفرادہ مطبوع ہو چکی ہی لکن اُسپر جناب مرحوم کی
کوئی تقریظ یا عبارت مرقوم نہین ہی **حقیقت امر** یہ ہی کہ ابتدا مین نہر المصائب کی ہر ایک جلد علیحدہ
علیحدہ مطبوع ہوئی تھی اور اُسکی جلد اول پر جناب مرحوم کی عبارت شریفہ بھی مرقوم تھی جس مین قصۂ مذکورہ
سے اصلا تعرض نہین ہی **تقریبًا** پانچ سال کے بعد ۱۸۹۲ء مین کتاب مذکور کی مجموع مجلدات ایک
جگہ طبع ہوئی اور اُس پر جناب مرحوم کی عبارت بھی طبع کی گئی جو فقط جلد اول سے متعلق ہے
پس مستدل صاحب نے اُس عبارت شریفہ کا مجموع کتاب سے متعلق ہونا ظاہر کیا اور عبارت مذکورہ
کے ساتھ قصۂ مذکورہ کے ثبوت پر استدلال کیا **لکن** مستدل صاحب کی یہ کارروائی اُن لوگون پر
پوشیدہ نہین رہ سکتی جو حقیقت حال پر مطلع ہین **سبحان اللہ** کتاب بھی موجود اُسکے مصنف جناب
مولوی مرزا قاسم علی صاحب دام شرفہم بھی موجود پھر ایسی کارروائی سے کیا نتیجہ پیدا ہو سکتا ہے
علاوہ برین جناب مرحوم نے اپنی عبارت شریفہ مین جلد مذکور کا بحر المصائب سے منتخب ہونا اور

بحر المصائب کا جناب علیین مکان طاب ثراہ کی توثیق کے ساتھ مزین ہونا تحریر فرمایا ہی پس چونکہ جناب علیین مکان طاب ثراہ نے فقط بحر المصائب کی جلد اول کی توثیق فرمائی ہو لہذا جناب مرحوم کی یہ عبارت نہر المصائب کی اُسی جلد سے متعلق ہوگی جو بحر المصائب کی جلد اول سے ماخوذ ہو بنائً علیہ چونکہ بحر المصائب کی جلد اول میں قصۂ مذکورہ موجود نہیں ہی لہذا جناب مرحوم کی عبارت سے قصۂ مذکورہ کے ثبوت پر استدلال کرنا کسی طرح درست نہ ہوگا علاوہ برین جناب مرحوم نے کتاب نہر المصائب کا بحر المصائب سے منتخب ہونا اور بحر المصائب کا بتوثیق جناب علیین مکان مزین ہونا بیان فرمایا ہی اور خود جناب مرحوم نے اُسکی توثیق نہین فرمائی ہو لہذا اگر نہر المصائب کی جلد اول میں قصۂ دامادی مذکور بھی ہوتا تب بھی جناب مرحوم کی عبارت سے اُسکے ثبوت پر استدلال کرنا بے وجہ ہوتا علاوہ برین عبارت تقریظ سے خود جناب مرحوم کا مجموع کتاب کو ملاحظہ فرمانا مفہوم نہین ہوتا اس تقدیر پر جناب مرحوم سے کتاب مذکور کے جملہ مطالب کی ذمہ داری متعلق نہین ہو سکتی پس جناب مرحوم کی تقریظ کے ساتھ قصۂ مذکورہ کے ثبوت پر استدلال کرنا بہرحال بے معنی ہی تنبیہ لطیف نہر المصائب کی جلد اول پر جناب مرحوم کے علاوہ جناب مولانا سید محمد ابراہیم صاحب قبلہ مرحوم اور جناب مولانا سید علی محمد صاحب قبلہ مرحوم اور جناب مولانا سید مصطفی معروف بہ جناب میر آغا صاحب قبلہ مرحوم اعلی اللہ مقامہم کی تقریظات شریفہ بھی موجود ہین جن مین کتاب مذکور کے معتبر ہونے کی تصریح موجود ہی پس معلوم نہین کہ مستدل صاحب نے باوجود اسکے قصۂ دامادی کے ثبوت پر ان حضرات کی تقریظات شریفہ کے ساتھ کیون نہین استدلال کیا اور اس شرف کے ساتھ فقط جناب مرحوم اعلی اللہ مقامہ کو کیون مخصوص فرمایا حالانکہ مستدل صاحب کے لیے ان حضرات کی تقریظات کے ساتھ استدلال کرنا بوجوہ عدیدہ زیادہ مناسب تھا لاموما اجداع قصبہ انفہ فاجل جبیلا واللہ الہادی **چھٹا شبہہ بنیاد عقد حضرت قاسمؑ کے۔** لیے منجملہ ادلۂ دیگر ایک حجلۂ عروسی قاسمؑ ہی کہ جسکی بنیاد روز عاشور سے کربلائے معلی مین خیمہ گاہ کے متصل اس وقت تک موجود و قائم ہی اور سب زائرین حضرت سید الشہداؑ اُس حجلہ کی زیارت سے مشرف ہوا کرتے ہین اگر یہ حجلۂ شریفہ بے بنیاد محض ہوتا تو ضرور علمائے عراق تعرض فرما کر منہدم کرا دیتے پس اس کا قائم رکھنا بھی

ثبوت عقد کے لیے کافی ہی اور اس شبہ کا جواب یہ ہی کہ وہ حجرہ خیمہ گاہ جسکو عوام الناس حجلۂ قاسم کہتے ہین
ہرگز قدیم التعمیر نہین ہی اور اُسکی بنیاد کا روز عاشورسنہ کربلاے معلی مین ہونا کسی طرح مقبول نہین ہوسکتا
اسلیے کہ متتبع کتب معتبرۂ احادیث و اخبار و تواریخ و سیر پر واضح ہے کہ کربلاے معلی مین زمان شہادت جناب
سید الشہدا علیہ السلام سے عہد سلاطین دیالمہ تک قبور مقدسہ کے لیے کوئی بناے وسیع مثل صحن وغیرہ کے
نہ تھی اور تعمیر روضۂ مطہرہ کی ابتدا عہد دیالمہ سے ہوئی چنانچہ علامہ نور اللہ تستری نور اللہ مرقدہ کی کتاب
مجالس المومنین سے ظاہر ہوتا ہی کہ حسن بن فضل بن سہلان رامہرمزی وزیر سلطان الدولہ جسکی وفات سنہ چارسو
دس مین ہوئی ہی اول وہ شخص ہی جسنے بناے سور حائر مبارک قائم کی ہی اور جبکہ عمارت روضۂ مطہرہ کی ابتدا
اس زمانہ سے ہوئی تو اینۂ موجودہ خیمہ گاہ کا اُسوقت سے متاخر ہونا اظہر من الشمس ہی اور چونکہ زمان بنا و
نیز بانی اس حجرہ کا معلوم نہین لہٰذا اُسکے فعل سے احتجاج کرنا درست نہین ہی **علاوہ برین** روز عاشورا کے
حالات و واقعات ہرگز مساعد اسکے نہین ہین کہ برفرض وقوع عقد اُسکے لیے کوئی حجلہ درست کیا گیا ہو **بالجملہ**
حجرۂ مذکورہ کو حجلۂ قاسم سمجھنا زعم بعض خدام و عوام ہی نہ عقیدۂ علماے اعلام **اور** حجرۂ مذکورہ مین علماے اعلام
یا اہل بصیرت کا بغرض زیارت حجلۂ قاسم جانا کسی طرح ثابت نہین **بلکہ** بعض ثقات فضلاے عراق نے فرمایا
ہی کہ وہان صرف زنان اعراب بادیہ نشین جایا کرتی ہین **اور** علماے عراق کا اُسکو منہدم نہ کرانا کسی طرح ثبوت
عقد کی دلیل نہین ہوسکتا خصوصاً جبکہ شرائط امر بالمعروف و نہی عن المنکر متحقق نہ ہون **اور** حجرۂ مذکورہ کے
لیے نظائر بھی بکثرت موجود ہین چنانچہ کوفہ مین حسنین علیہما السلام کے لیے ایک مکتب خانہ بیان کیا جاتا ہی حالانکہ
اس خیال کا باطل ہونا محتاج بیان نہین **اسلیے** کہ حسنین علیہما السلام کا اُس مقام پر ایام طفولیت مین قیام کرنا
ہرگز ثابت نہین ہی بلکہ خلاف اسکے ثابت ہی **البتہ** دونون بزرگوارون کا ماہ رجب ۳۶ھ مین ہمراہی جناب
امیر المومنین ع تشریف لیجانا معلوم ہی **لیکن** اس زمانہ مین دونون بزرگوارون کا سن شریف تیس سال سے متجاوز
تھا **مع ذلک** کسی معصوم کا کسی مکتب خانہ مین تعلیم پانا معقول نہین ہی پس حسنین ع کا وہان جا کر تیس سال
کے سن مین تعلیم پانا کیونکر معقول ہوگا **علاوہ برین** بہت سے مقامات ایران و ہندوستان مین بھی مشہور ہین
جنکی بظاہر کوئی اصلیت نہین ہی **علاوہ برین** بعض کتب مین عمارات روضۂ مقدسہ کا فرقۂ وہابیہ کی تعدی سے

سنہ ۱۲۱۶ھ مین خراب و مسمار ہوجانا اور اُسی زمانہ مین مجموع عمارات کا از سر نو قائم ہونا مذکور ہوا ہی جسکی بنا پر
حجرۂ مذکورہ کا تیرھوین صدی ہین قائم ہونا معین ہوتا ہی اس صورت مین حجرۂ مذکورہ کا قدیم التعمیر ہونا کیونکر
قابل تسلیم ہوسکتا ہی **بہر حال** جو بزرگوار اس حجرۂ موجودہ کے قدیم ہونے کا دعوی کرین وہ اس مطلب پر
کوئی شاہد ہین پیش کرین دانی لہم ذلک واللہ یعلم **فصل دوم** اس مین بعض اعلام کے افادات عالیہ کا تذکرہ
کیا جاتا ہی **پس** واضح ہو کہ بعض اعلام نے قصۂ مذکورہ پر کئی وجہون کے ساتھ اشکال کیا ہی اور اُنکا جواب
دیا ہی **لہذا** اُن وجوہ کا مع جواب نقل کرنا اور بر وجہ اجمال تعرض کرنا مناسب معلوم ہوتا ہی **پہلا اشکال** یہ
مضمون منصوص نہین ہی پس اُسپر اعتماد کرنا کیونکر درست ہوگا **اور** اس اشکال کا جواب یہ ہی کہ کربلا کے اکثر
حالات ایسے ہین جو بطریق اہل بیت علیہم السلام منصوص نہین ہین **بلکہ** وہ حمید بن مسلم وغیرہ کی طرف مستند
ہین حالانکہ علماے اعلام نے اُن حالات کو خلفاً عن سلف اپنے کتب مین مدوّن کیا ہی اور اُن حالات مین
عامہ کی تواریخ و سیر پر اعتماد کیا ہی لہذا اس واقعہ پر بھی اعتماد کرنا صحیح ہوگا **اسلیے** کہ یہ واقعہ بھی روضۃ الشہدا
وغیرہ مین منقول ہی جو فن تاریخ کی معتبر کتاب ہی اور اس قصہ کے وضع کرلینے پر بظاہر کوئی مذہبی امر داعی نہین ہی
پس ایسی صورت مین بعض معتمدین اہل سیر کا اُسکو ذکر کرنا ظن بالوقوع کو مفید ہوگا **اقول** اگر اشکال مذکور
مین اس مضمون کے منصوص نہ ہونے سے اُسکا مطلقاً اور کسی کتاب مین منصوص نہ ہونا مراد ہی تو درست نہین ہی
کیونکہ روضۃ الشہدا وغیرہ نے اُسکے منقول ہونے پر نص کی ہی لہذا اشکال مذکور از اصل ساقط ہی **اور** اگر
اُسکا کتب معتمدہ و موثوق بہا مین منصوص نہونا مراد ہی تو اشکال درست ہی **لیکن** عبارت اشکال اس مطلب کے
ادا مین قاصر ہی اور اگر اُسکا بطریق اہل بیت اطہار علیہم السلام ما اختلفت اللیل والنہار منصوص نہ ہونا مراد ہی تو
یہ مطلب اگرچہ فی نفسہ درست ہی لیکن مستشکل کے لیے مفید نہین اسلیے کہ کسی مطلب کے بطریق اہل بیت علیہم السلام
منصوص نہ ہونے کو اُسکا فاسد ہونا لازم نہین ہی جس طرح کہ کسی مطلب کے بطریق اہل بیت علیہم السلام منصوص
ہونے کو اُسکا صحیح ہونا لازم نہین ہی کیونکہ راوی کے خطا کرنے یا غفلت کرنے کا احتمال موجود ہی **البتہ** کسی
مطلب کا اہل بیت علیہم السلام سے بدون واسطہ منصوص ہونا اُسکے صحیح ہونے کو مستلزم ہی جو اس مقام پر
محل کلام نہین **بناءً علیہ** صورت اشکال یہ ہی اس مضمون کا اکثر کتب معتمدہ مین مذکور نہ ہونا اور جمہور اعلام کی تصریحات

ونصوص کے مخالف ہونا اور اسی بنا پر اُسکے قابل اعتماد نہ ہونیکا بیان کرنا سزاوار ہو اُدیم برسر جواب پس اگرچہ
ثبوت واقعات کے لیے اُنکا بالخصوص بطریق اہل خصوص مبین ومنصوص ہونا ضرور نہین ہو اور اُنکے ثبوت مین
کتب تواریخ پر فی الجملہ بنا کرنا استماد درست ہو لیکن کتب تواریخ کے اُسی مضمون پر اعتماد کرنا درست ہو جسکا بے اصل و
موضوع ہونا کسی دلیل خارجی یا امارت خارجیہ سے مقطوع یا مظنون نہ ہوا ور یہ واقعہ چونکہ جمہور اعلام کے نصوص و
تصریحات کے مخالف ہو جن سے اس واقعہ کا باطل ہونا مقطوع یا لااقل مظنون بظن متاخم للعلم ہو لہذا اُسپر اعتماد
کرنا درست نہ ہوگا کیونکہ اگر نصوص جمہور کے بطلان کا حکم کیا جائے تو لااقل نقض لامتن لاقوی بالادھی لادھی
لازم آئیگا اور اس قصہ کے وضع واختلاق پر واضع کے لیے کسی داعی کا متحقق ہونا محال نہین ہو اسلیے کہ دواعی
وضع کا حصر دشوار ہو اور اس قسم کے واقعات مختلفہ بھی بکثرت موجود ہین جن مین وضع و توفیق نہین ہو سکتی اور
باوجود اسکے وضع واختلاق پر کوئی داعی معلوم نہین ہوتا مع ذلک وضع واختلاق کا احتمال اُسیوقت برطرف
ہوتا ہو جبکہ اسکو کسی قصہ گو نے تنشیط خواطر احباب کے لیے وضع نہ کیا ہو والا کسی داعی مذہبی کا تفحص کرنا
ضرور نہین ہو اور الف لیلہ ولیلہ اور کلیلہ ودمنہ وغیرہ اس مطلب کے لیے نظائر جلیہ موجود ہین پس اگر ان کتب
کی وضع کے لیے کوئی داعی صحیح مفروض ہو سکتا ہو تو اُسی قسم کا داعی اس مقام پر بھی فرض کر سکتے ہین اور
روضۃ الشہدا کے تاریخ معتمد ہونے سے اگر اُسکے مؤلف کا غیر متعمد الکذب ہونا مراد ہو تو ہم کو اسکے تسلیم کر لینے
مین کوئی عذر نہین ہو اور اگر اُسکے مطالب یا کتب منقول عنہا کا موثوق بہا ہونا مراد ہو تو اُسکے تسلیم کرنے سے
صدہا عذر ہین پس قدر متیقن یہ ہو کہ صاحب روضۃ الشہدا نے کسی مطلب کو از خود وضع نہین کیا اور ہر ایک
مطلب کو اُسکے ماخذ سے نقل کیا ہو لیکن کتب منقول عنہا کے قابل اعتماد او مطالب منقولہ کے خالی از سقم و فساد ہونے
یا نہ ہونے پر اُنھون نے نظر نہین کی بلکہ ہر رطب و یابس کو بدون امعان نظر اپنی کتاب مین نقل کر دیا ہو جیسا کہ
اُنکی کتاب کے تفحص کرنے سے معلوم ہوتا ہو اس تقدیر پر اصل مطلب کے سقم و فساد کا ملاحظہ کرنا ناظر سے متعلق
رہیگا مسلما کہ صاحب روضۃ الشہدا نے اپنی کتاب مین فقط اُن مطالب کو نقل کیا ہو جو اُنکی نظر مین قابل اعتماد تھے
لیکن اُن مطالب کا فی نفسہا قابل اعتماد ہونا اُسی وقت ثابت ہو سکتا ہو جبکہ اُنکے لیے غلطی اور خطا کے واقع ہونے
سے محفوظ رہنے کا پروانہ دستیاب ہو گیا ہو جو حضرت مستدل کے نزدیک بھی قابل تسلیم نہ ہوگا فضلا عن غیرہ

اور سوغ معتمد کے قول کا مفید ظن بالوقوع ہونا فقط فقدان معارض کی صورت مین مسلم ہوسکتا ہی ولا فقد
یکون مقطوع الکذب کما فیما نحن فیہ انتہی **دوسرا اشکال** روز عاشورا روز تشویش و اضطراب تھا جس مین
عقد نکاح کا واقع ہونا بغایت مستبعد ہی اور سلطان العلما مولانا سید محمد صاحب رضوان مآب طاب ثراہ سے بھی
منقول ہوا ہی کہ اس عقد کا قصہ کسی حدیث سے ثابت نہین ہوتا اور روز عاشورا روز اندوہ وغم تھا روز فرحت و
سرور نہ تھا جس مین اس قسم کے تقریبات تجویز کیے جائین **اور** اس اشکال کا جواب کئی وجہ پر ہوسکتا ہی **اول**
یہ کہ محض استبعاد سے روایت کا دفع کرنا درست نہین ہی **چنانچہ** جناب سید العلما مولانا سید حسین صاحب علیین مکان
رحمہ اللہ تعالی نے مجالس مفجعہ مین تحریر فرمایا ہی ومجرد الاستبعاد لا یدفع بہ الروایۃ والمسامحۃ فی ادلۃ السنن
یقتضی عدم الاعراض عن مثلہا اہ **اقول** یہ جواب خالی از اشکال نہین ہی اسلیے کہ مجرد استبعاد سے اوس روایت
کا دفع کرنا درست نہین ہی جو موثوق الصدور ہو یا اوسکی حجیت کسی دلیل یا امارت معتبرہ سے ثابت ہو یا اوسکے
لیے کوئی معارض قوی موجود نہ ہو والا اوسکا دفع کرنا اوسوقت بھی درست ہی جبکہ اوسکا مضمون مستبعد الوقوع نہو
پس صورت استبعاد مین اوسکا دفع کرنا بدرجۂ اولی درست ہوگا اور باعتبار اصل اوسکے عدم وقوع کا حکم
کیا جائیگا **اور** خصوص ما نحن فیہ مین استبعاد عقلی کے علاوہ باقی قوادح بھی بروجہ اتم متحقق ہین پس اسکا دفع کرنا
بہرحال متعین ہوگا **اور** جناب علیین مکان کی عبارت سے قبل ازین تعرض ہوچکا ہی لہذا اعادہ کی حاجت نہین ہی
جس مین اس روایت کا خود جناب علیین مکان کے نزدیک بھی غیر موثوق الصدور ہونا بیان کیا گیا ہی **اس**
تقدیر پر اونکے مختار اور جناب رضوان مآب کے جواب منقول مین بھی جمع ہوسکتی ہی **اور** اگر روایت مذکورہ کا جناب
علیین مکان کے نزدیک موثوقۃ الصدور ہونا تسلیم کیا جائے تو اونکے مختار اور جناب رضوان مآب طاب ثراہ
کے جواب مین منافات لازم آئیگی **پس** اگر ان دونو مین تساوی کے قائل ہون تو حکم اذا تعارضا تساقطا دونون کا
ساقط کرنا معین ہوگا لئلا یلزم الترجیح من غیر مرجح اور اصالت عدم وقوع بدون معارض باقی رہیگی اور
اگر تساوی کے قائل نہ ہون تو ترجیح دینے کی حاجت ہوگی اور چونکہ جناب رضوان مآب علیہ الرحمہ کا جواب
اصالت عدم اور افادات علماے اعلام اور تصریحات مورخین اور نصوص ارباب سیرت کے ساتھ موید ہی لہذا اوسکا
ترجیح دینا معین ہوگا **اس** تقدیر پر روایت مذکورہ بدون مونت مندفع ہوجائیگی اور اگر مویدات مذکورہ سے

قطع نظر کی جائے تب بھی سلطان العلماء کے قول کا مقدم ہونا بے وجہ نہین ہی اسلیے کہ اگرچہ ان دونون بزرگوارون کا اپنے مقام پر غایت جلالت قدر اور نہایت فخامت امر اور جامعیت کمالات نوع انسانی اور محرمیت اسرار احادیث و آیات قرآنی کے ساتھ متصف ہونا اظہر من الشمس و ابین من الامس ہی لیکن شاید کہ جناب ممدوح مآب کا دقت نظر اور جودت فکر اور مزید تبحر فی فن التواریخ والسیر اور وسعت باع اور غزارت اطلاع کے اعتبار سے ممتاز ہونا قابل انکار نہ ہو **دوم** یہ کہ عرصۂ کربلا مین اس سانحہ کی طرح بعض سوانح اور بھی ایسے واقع ہوے ہین جو بحسب ظاہر استبعاد عقلی رکھتے ہین جیسے جناب سید الشہدا کا حضرت علی اصغر کو خیمہ سے طلب کر کے اعدا کے سامنے ہاتھون پر بلند کرنا اور اونکے لیے پانی کا طلب کرنا حالانکہ خیمہ مین ہمراہی نسوان اونکے قتل سے محفوظ رہجانیکا احتمال بھی موجود تھا پس جس طرح کہ حضرت علی اصغر کو کسی مصلحت خفیہ کی وجہ سے صف اعدا کے سامنے بلند کر دیا تھا اسی طرح ہو سکتا ہی کہ کسی مصلحت کی وجہ سے جناب قاسم کا عقد بھی کر دیا ہو

[illegible]

[illegible]

[illegible]

پس اگر حضرت علی اصغر کے سانحہ مین یہ مصلحت فرض کی جائے کہ طفل صغیر کا قتل کر ڈالنا معہود نہین ہی شاید یہ شقیا اس صغیر پر رحم کرین **اسی طرح** مانحن فیہ مین بھی یہی مصلحت مفروض ہو سکتی ہی اسلیے کہ نوشاہ کا قتل کر ڈالنا بھی معہود نہین ہی شاید یہ اعدا اس نوشاہ پر رحم کرین **اقول** یہ جواب بھی کئی وجہ سے مخدوش ہی **پہلی وجہ** یہ کہ واقعۂ کربلا مین کسی ایسے امر کا جناب سید الشہدا روحی لہ الفدا سے سرزد ہونا ثابت نہین ہوا جو عقل کے نزدیک مستبعد ہو بلکہ عقل کے نزدیک حضرت کے جملہ افعال اُس معرکۂ جدال و قتال مین بھی اپنے محل و موقع پر سرزد ہوے ہین جنکے مثل کو کسی دوسرے شخص سے وقت کارزار اور ہنگامۂ گیرودار مین عقل تجویز نہین کرتی **مع ذلک** اگر حضرت کے طفل صغیر کا سانحہ عند العقل مستبعد فرض کیا جائے تو اس مقام پر مجرد استبعاد کی وجہ سے اُس سانحہ کا انکار درست نہین ہو سکتا اسلیے کہ سانحۂ مذکورہ کا بتصریحات جمہور مورخین و ارباب مقاتل واقع ہونا مقطوع بہ ہی لہذا امر قطعی کا مجرد استبعاد سے ساقط کر دینا کیونکر درست ہو سکتا ہی بخلاف سانحۂ عقد کے کہ اُسکی روایت کا سقم و فساد معلوم ہو چکا ہی پس ایک کا دوسرے پر قیاس کرنا صحیح نہ ہوگا **دوسری وجہ** یہ کہ طفل صغیر کے سانحہ مین بظاہر کوئی استبعاد نہین ہی اسلیے کہ نسوان کے پاس باقی رکھنے کی صورت مین بوجہ تشنگی ہلاک ہو جانے کا اندیشہ بلکہ قطع تھا اور اعداء کے سامنے لیجانے مین دو احتمال تھے **اول** بوجہ عداوت اُن ملاعین بیدین کا اُسکو قتل کر ڈالنا **دوم** بوجہ صغر سنی اُسپر رحم کرنا پس ایسی صورت مین عقل کے نزدیک اُس طفل کا باحتمال ترحم صف اعداء کے سامنے لے آنا اقرب الی الصواب تھا اور خیمہ مین باقی رکھنا کسی طرح مصلحت نہ تھا اسلیے کہ اُس مین بوجہ تشنگی خوف ہلاکت معین تھا **تیسری** وجہ یہ کہ طفل مذکور کا صغیر السن ہونا امر محسوس اور بدیہی تھا اور اعدا کو قطعاً معلوم تھا جسکی وجہ سے احتمال ترحم قوی تھا بخلاف سانحۂ عقد کے کہ اُس پر اعدا کا مطلع ہونا ثابت نہین ہوا خصوصاً جبکہ اُسکے واقع کرنے مین محض ادائے وصیت ہی مطلوب تھی **چنانچہ** قصۂ منقولہ مین بھی عقد کا اندرون خیمہ واقع ہونا مذکور ہوا ہی جسپر اعداء کا مطلع ہونا نہایت مستبعد ہی **اور** خود جناب سید الشہدا یا کسی دوسرے شخص کا اعدا کو اس واقعہ پر مطلع کر دینا بھی معلوم نہین ہوتا ہان اگر جناب قاسم کا میدان جنگ مین کنگنا باندھے ہوے مانجھے کا جوڑہ پہنے ہوے منہدی لگائے ہوے اعدا کے سامنے جانا فرض کیا جائے تو اعدا کا سانحۂ عقد پر مطلع ہونا قابل انکار نہین ہو سکتا **چوتھی وجہ**

یہ کہ اعدا کا اُسپر مطلع ہونا فرض بھی کیا جائے تو طفل شیرخوار کی طرح نوشاہ من حیث ہو پر ترحم کرنیکا معہود ہونا ثابت نہین ہوتا اسلیے کہ نوشاہ پر ترحم کرنے مین صغرسنی کا دخیل ہونا بہرحال معلوم ہوتا ہی پس اگر کوئی شصت سالہ عقد کرلے تو لوگون کی نظر مین وہ بوجہ عقد واجب الرحم قرار نہ پائیگا **پانچوین وجہ** یہ کہ اگر نوشاہ پر احتمال نہ ہو جو ما نحن فیہ مین متحقق نہین ہی اسلیے کہ ایسے ہنگامہ کارزار مین عقد کا واقع کرنا مظنہ از قبیل احتمال تھا کیونکہ ایسے اوقات مین عقد عروسی کا واقع ہونا معہود نہین ہی جس سے اعداء کو یہ خیال ہو تا کہ حضرت نے عقد کے ذریعہ سے قاسم کے قتل سے محفوظ رکھنے کی فکر کی ہی لہذا انپر رحم کرنا سزاوار نہین ہے پس ایسی صورت مین اعداے دین سے ترحم کرنے کی توقع کہان ہوسکتی تھی **چھٹی وجہ** یہ کہ اگر نوشاہ پر مطلقا ترحم کرنیکا معہود ہونا فرض کیا جائے تب بھی خاص واقعہ کربلا مین اسکی توقع نہین ہوسکتی تھی اسلیے کہ اعداء کا جناب عبد اللہ بن حسن شوہر جناب سکینہ سلام اللہ علیہما اور وہب بن عبد اللہ کلبی نوشاہ پر رحم نہ کرنا اور اُنکو قتل کر ڈالنا معلوم ہوچکا تھا پس اس بیرحمی کے بعد اُنسے ترحم کی امید کہان ہوسکتی تھی واللہ تعالی ہو العالم **سوم** یہ کہ شاید حضرت سید الشہداؑ اس عقد کے واقع کرنے مین بوجہ وصیت حضرت امام حسن مجبور ہوگئے ہون اور وصیت کا واقع ہونا جامع فخری وغیرہ کے بعض فقرات سے مفہوم ہوتا ہی اور ممکن ہی کہ وصیت مین مصالح خفیہ ہون جیسے اس عقد کے تذکرہ کا تا قیامت باقی رہنا اور اہل خبرت کے لیے باعث عبرت ہونا **اقول** اس جواب مین بھی اشکال ہی اسلیے کہ اگرچہ روضۃ الشہدا اور جامع فخری مین جناب امام حسنؑ کا جناب امام حسینؑ اور جناب قاسمؑ دونون کے لیے وصیت کرنا منقول ہوا ہی لیکن اصل قصہ کیطرح وہ بھی قابل اعتقاد نہین ہی اسلیے کہ جمہور مؤرخین اور ارباب سیرت کے کلمات اس مطلب سے خالی ہین **مع ذلک** اگر جناب سید الشہداؑ کے لیے وصیت ہوتی تو تا واقعہ کربلا اُسکے انفاذ مین تاخیر کرنا درست نہ ہوتا اس لیے کہ امضاے وصیت مین تعجیل کرنا مطلوب ہی اور تا واقعہ کربلا اُسکے امضا سے حضرت سید الشہداؑ کے لیے کسی مانع کا موجود رہنا اگرچہ محتمل ہی لیکن بنہایت ضعیف و رکیک ہی اسلیے کہ محض صیغہ نکاح کے پڑھ دینے مین کوئی دقت نہین ہی بلکہ ہر وقت ممکن ہی پس باایں ہمہ سہولت اُسکے امضا مین تاخیر کرنا امام سے کیونکر ممکن تھا

خصوصًا اسقدر تاخیر کرنا جس سے غایات وصیت کا ابطال لازم آئے کسی طرح معقول نہین ہوتا اسلیے کہ ایسے وقت
مین وصیت عقد کی غایت نفس موت کے سوا کوئی امر متصور نہین ہو جسکی غایت وصیت نہ ہونے مین کسی شخص
کو بھی شبہہ نہین ہو سکتا پس باوجود اسکے حضرت کا امضاے وصیت مین اسقدر تاخیر کرنا کس طرح صحیح
ہو سکتا ہی **علاوہ برین** حضرت امام حسنؑ کے لیے بھی اس وصیت مین کوئی غرض صحیح معلوم نہین ہوتی
اسلیے کہ توالد و تناسل جو عمدۂ غایات عقد ہی اس مقام پر مقصود نہین ہو سکتا کیونکہ جناب قاسم کا قبل بلوغ
شہادت پانا بظاہر دونون بزرگوارون کو معلوم تھا پس ایسی وصیت کا امام سے سرزد ہونا کیونکر قابل
قبول ہو سکتا ہی **اسی طرح** حضرت امام حسنؑ کا جناب قاسمؑ کے لیے تعویذ کے وقت اندوہ و مصیبت کھولنے اور اسپر
عمل کرنے کی وصیت کرنا بھی نہایت مستبعد معلوم ہوتا ہی اسلیے کہ جناب امام حسنؑ کی حیات مین وہ قابل وصیت
نہ تھے کیونکہ اُنکا سن اُسوقت تقریبًا تین سال سے زائد کسی طرح قرار نہین پاتا اسلیے کہ واقعۂ کربلا مین
جناب قاسمؑ کا سن شریف بقولے یازدہ اور بقولے دوازدہ اور بقولے سیزدہ اور بقولے چہاردہ سال تھا اور
جناب امام حسنؑ کی شہادت ۲۸ صفر سنہ ۵۰ھ مین واقع ہوئی تھی **بناءً علیہ** حضرت امام حسنؑ کی حیات مین
جناب قاسم کا سن شریف بقولے دو ماہ اور بقولے ایک سال و دو ماہ اور بقولے دو سال و دو ماہ اور بقولے
تین سال اور دو ماہ قرار پاتا ہی **پس** امامؑ کا اُن سے باوجود اس صغر سنی کے وصیت کرنا اور اُنکا اُس کو
قبول کرنا اور روز عاشورا اُسکو یاد کرنا وغیرہ وغیرہ کیونکر قابل تسلیم ہو سکتا ہی **اور** جن لوگون نے کہ روز
عاشورا مین جناب قاسم کا سن شریف فقط نو سال بیان کیا ہی اُنکے قول کی بناپر جناب امام حسنؑ کی شہادت
کے وقت جناب قاسمؑ کا سن تقریبًا دس روز سے کچھ زائد قرار پا سکتا ہو جسکی بناپر اُن مین قابلیت وصیت
کا اُسوقت موجود نہ ہونا محتاج بیان نہین ہی حالانکہ جناب قاسمؑ کے کئی بھائی جو اُن سے باعتبار سن
بزرگ تھے موجود تھے **پس** اُنکی موجودگی مین جناب قاسمؑ سے باوجود اسقدر صغیر السن ہونے کے امامؑ
کا وصیت کرنا بغایت مستبعد ہی اور صاحب روضۃ الشہدا نے بھی جناب امام حسنؑ کے احوال مین جناب

له [illegible]

قاسم سے وصیت کرنے کو نقل نہین کیا اور رفقط حضرت امام حسینؑ سے وصیت کرنے کو نقل کیا ہی جو وصیت جناب
قاسم کے بے اصل ہونے کی امارت ہوسکتی ہی اور بعض مصالح کا برتقدیر وقوع قضیہ بیان کر دینا اصل قضیہ کے
ثبوت مین کافی نہین ہوسکتا بلکہ بغحواے قول مشہور ثبت الجدار ثم انقش اول اصل قضیہ کو کسی دلیل سے
ثابت کرنا چاہیے بعد ازان اُسکے لیے کچھ مصالح بیان کرنے چاہئین چہارم یہ کہ جناب قاسم بوجہ صغر سن
واجب الجہاد نہ تھے اور جناب امام حسینؑ اُنسے کمال محبت رکھتے تھے اور حضرت کو اُنکے بچانے مین اہتمام بلیغ تھا
اسی وجہ سے اُنکا عقد کر دیا ہو تاکہ اُنکا زوجہ سے مانوس ہو جانا اور زوجہ کا مقاتلہ و محاربہ سے مانع ہونا اُنکو
جہاد سے باز رکھے اور اُنکے قتل سے محفوظ رہنے کا سبب ہو پنجم یہ کہ شاید حضرت نے اس عقد کو جناب قاسم
اور اُنکی زوجہ کے مدارج اخروی مضاعف کرنے کی غرض سے واقع کیا ہو اسلیے کہ تنہا جہاد کرنے سے مفارقت
اور جہاد کا اجر بہر حال بمدارج عظیم ہی بلکہ تضاعف مصیبت کی وجہ سے حضرت امام حسینؑ کا اجر بھی متضاعف
ہوا ہو گا ششم یہ کہ نکاح فی نفسہ مطلوب ہی لہذا ہوسکتا ہی کہ حضرت نے اس عقد کو اُسکے رجحان ذاتی
کی وجہ سے واقع کر دیا ہو **اقول** یہ تینون جواب بھی بغایت ضعیف ہین اور ہر گز رفع استبعاد مین کافی
نہین ہین اسلیے کہ ایسے اغراض سے عقد کے بجا لانے کو بھی فراغ بال کی ضرورت ہی اور روز تشویش و اضطراب
مین اغراض مذکورہ سے عقد کا واقع کرنا بغایت مستبعد ہی **معذلک** ایسے احتمالات کے بیان کر دینے سے
اصل عقد کا واقع ہونا کسی طرح ثابت نہین ہوسکتا **البتہ** ثبوت عقد کے بعد ان احتمالات کا کوئی مانع نہین ہی
اور ایسے احتمالات کا جناب قاسم کے بھائی جناب عبد اللہ اصغر اور جناب عبد اللہ بن حسینؑ کے باب مین
جاری ہونا بلکہ جملہ شہدا کے باب مین جاری ہونا واضح ہی پس لازم آتا ہی کہ سائر شہدا کے عقد کو بھی تجویز کرین
ہفتم یہ کہ حضرت نے اس عقد کو بقاے نسل کی امید پر واقع کیا ہو اسلیے کہ بحسب ظاہر کسی مرد ہاشمی کی
کے آثار نہ تھے پس حضرت کو منظور ہوا ہو کہ جناب امام حسنؑ کی نسل سے روے زمین خالی نہ رہے اسی
کے لیے عقد کرنے سے اصل مقصود کثرت نسل ہوتی ہی اور ایسا عقد حالت رنج و غم کے منافی نہین ہوتا اور
اس وجہ کو حضرت قاسم کا سن شریف مساعد نہین ہی لیکن اگر لم یبلغ الحلم مبالغہ پر محمول کیا جاے اور
عنفوان شباب اور قرب زمان صبا مراد لیا جاے تو اس وجہ کے جاری ہونے کا بھی کوئی مانع نہین

اقول یہ جواب بھی خالی از مناقشہ نہین ہی اسلیے کہ مورد سنے اس مقام پر اصل عقد مین مطلقاً استبعاد کیا ہی
اور اپنے اشکال کو کسی صورت خاص یا غرض خاص کے ساتھ مخصوص نہین کیا اور اُسکی مراد کا خلاصہ یہ ہی
کہ ایسے ہنگامۂ شور و شغب مین حضرت کا اس عقد کو بہر تقدیر اور بہر صورت واقع کرنا مستبعد ہی **پس** جبکہ
مورد نے اصل عقد مین لابشرط اشکال کیا ہی اور اُسکو بشرط شی یا بشرط لا وارد نہین کیا تو حضرت مجیب کو عقد
مذکور سے کثرت نسل کی غایت ہونے کی صورت مین استبعاد کے مرفوع ہونے کا دعوی کرنا کیونکر درست
ہوگا اسلیے کہ وہ از قبیل مصادرہ علی المطلوب ہی **البتہ** بر تقدیر وقوع اس احتمال کا راجح ہونا قابل تسلیم ہی
مع ذلک غرض مذکور سے ایسے وقت پُرخطر اور ہنگامہ پرحذر مین عقد کا واقع کرنا بھی ضرور مستبعد ہے
سلمنا لکن جناب قاسم کے بھائی جناب زید بن حسن اور حسن بن حسن علیہم السلام کا عقد بھی ہو چکا تھا
فقط اُنکے باقی رہنے کی فکر اس غرض کے حاصل ہو جانے مین کافی تھی **چنانچہ** بحمدہ تعالی آجتک روے
زمین پر ان حضرات کی نسل بکثرت موجود ہی اور خود حضرت امام حسن او حضرت امام حسین علیہما السلام کے
لیے اس مطلب کا معلوم ہونا بھی قرین قیاس ہی **پس** ایسی صورت مین جناب قاسمؑ کے عقد کا غرض مذکور
کی تحصیل کے لیے واقع کرنا مستبعد ہوگا حالانکہ اس وجہ کا جناب قاسمؑ کے باب مین جاری نہ ہونا خود
واضح ہی اسلیے کہ وہ جناب بتصریح اعلام حد بلوغ کو نہ پہونچے تھے اور لم یبلغ الحلم سے زمانۂ شباب یا
قرب زمان صبا کا مراد لینا مجاز اور خلاف ظاہر ہی جسکا ارتکاب بدون قرینۂ جلیہ درست نہین ہی **حالانکہ**
محققین علماء نے جناب قاسمؑ کے اُسوقت درحقیقت بالغ نہ ہونے کی تصریح کی ہی **چنانچہ** سپہر کاشانی
نے ناسخ التواریخ صفحہ ۲۸۳ کتاب دوم کی مجلد ششم مین تحریر فرمایا ہی نخستین قاسم بن حسنؑ آہنگ مبارزت
کرد و سلاح جنگ بر تن راست کرد شاکی السلاح بحضرت امامؑ آمد و ہنوز کودکی مراہق بود حسینؑ چون چشمش
بر آن کودک نورس افتاد کہ جان گرامی الخ **اور** کتاب مذکور کے صفحہ ۲۸۴ مین مرقوم ہی چہ قاسم باتفاق علماء
سیر حدود تکلیف را مالک و مشرف نبود اگرچہ من بندہ آن خبر را استوار نمیدانم لکن در تقویت خرد سالی قاسم
می نگارم کہ در تذکرۃ الائمہ مسطور است کہ قاسم در یوم طف نُہ سالہ بود الخ **اور** صاحب ریاض الشہادۃ نے
بھی جناب قاسمؑ کے کربلا مین غیر مکلف ہونے کی تصریح کی ہی چنانچہ کتاب مذکور کی جلد ثانی صفحہ ۷۶ ا بہ

مرقوم ہی قاسم بن حسنؑ کہ درانوقت بحد تکلیف نرسیدہ بود و دوازدہ یا سیزدہ سال بیشتر از عمر شریفش نگذشتہ بود الخ اور اوثق مجتہدین جناب شیخ جعفر نجفی رحمہ نے بھی اس مطلب پر نص فرمائی ہی چنانچہ فوائد المشاہد نسخہ مطبوعہ کے صفحہ ٣٦٥ مین مرقوم ہی حالا چرا وقتی کہ عمو را آن غریبی دید اذن خواست اذنش نداد جہتش آن ست کہ در روایت ست برز و ہو صغیر لم یبلغ الحلم کو چک بود ہنوز بحد تکلیف نرسیدہ بود و این مطلب کہ اذن ندادن امام باشد برای جہات مختصات این مظلوم ست چونکہ ہنوز بالغ نبود جہاد بر او واجب نبود انتہی بقدر الحاجۃ جناب شیخ کی اس عبارت سے فقرہ لم یبلغ الحلم کا اپنی حقیقت پر محمول ہونا معلوم ہوا بناءً علیہ جناب قاسم کے روز عاشورا بالغ ہونے کا احتمال کسی طرح درست نہین ہو سکتا چنانچہ صاحب ناسخ التواریخ نے اپنی عبارت منقولہ مین اس مطلب پر علماء سیر کے اتفاق کو نقل کیا ہے وکفی بذالک حجۃً و دلیلا **ہشتم** یہ کہ مجموع وجوہ مذکورہ کے سبب سے حضرت نے اس عقد کو واقع کیا ہو اور ہر ایک وجہ اس عقد کے لیے علت ناقصہ قرار پائے **اقول** یہ جواب بھی کسی طرح لرفع استبعاد مین کافی نہین ہی **ہان** اگر اصل عقد ثابت ہو جائے تو چونکہ فعل معصوم ہی اسلیے اُسکا نفس الامر مین حکم و مصالح پر مبنی ہونا ضرور ہی اگرچہ ہم کو ایک مصلحت بھی معلوم نہ ہو **تیسرا اشکال** بعض روایات سے جو روضۃ الواعظین وغیرہ مین منقول ہین جناب فاطمہ بنت الحسینؑ کے عقد کا جناب حسن مثنیٰ کے ساتھ واقع ہونا اور جناب حسن مثنیٰ کا بموت خود انتقال کرنا ثابت ہوتا ہی پس حضرت فاطمہ بنت الحسینؑ کے عقد کا جناب قاسم کے ساتھ واقع ہونا کیونکر درست ہوگا **اور** اسکا جواب یہ ہی کہ روایت مذکورہ کا صحیحۃ السند ہونا ثابت نہین **علاوہ برین** ہو سکتا ہی کہ حضرت کی اولاد مین دو فاطمہ ہون جن مین سے ایک کا عقد حضرت حسن مثنیٰ کے ساتھ اور دوسری کا عقد جناب قاسم کے ساتھ ہوا ہو اور محتمل ہی کہ فاطمہ بنت الحسینؑ کا عقد ایک مرتبہ حسن بن حسنؑ کے ساتھ اور ایک مرتبہ قاسم بن حسن کے ساتھ ہوا ہو اور عقد ثانی مین مصالح عدیدہ موجود ہون **اور** شریعت مطہرہ مین شوہر اول کی وفات کے بعد دوسرے عقد کا جائز ہونا محل تامل نہین ہی اور سیرت عرب سے عقد ثانی کا مستہجن نہ ہونا معلوم ہی اور اُسکا معیوب ہونا فقط اہل ہند کا رواج ہی **اقول** یہ جواب خالی از مزید استغراب نہین ہی اور اُسکا منشا بظاہر عدم تتبع کتب تاریخ و

ع اور جناب قاسم کی درحقیقت نابالغ ہونیکی علامہ مجلسی اور فاضل مربندی نے بھی تصریح فرمائی ہے اور ان سے کلام مجاہد نقل ہو ١٢ منہ عفی عنہ

مرقوم ہی قاسم بن حسنؑ کہ در انوقت بحد تکلیف نرسیدہ بود دوازدہ یا سیزدہ سال بیشتر از عمر شریفش نگذشتہ بود الخ اور اوثق مجتہدین جناب شیخ جعفر نجفی رحمہ نے بھی اس مطلب پر نص فرمائی ہی چنانچہ فوائد المشاہد نسخہ مطبوعہ کے صفحہ ۳۶۵ مین مرقوم ہی حالا چرا وقتی کہ عمو را آن غریبی نیز اذن خواست اذنش نداد جہتش آن ست کہ در روایت ست برز و ہو صغیر لم یبلغ الحلم کو چک بود ہنوز بحد تکلیف نرسیدہ بود و این مطلب کہ اذن نداون امام باشد برای جہات مختصات این مظلوم ست چونکہ ہنوز بالغ نبود جہاد براو واجب نبود انتہی بقدر الحاجۃ جناب شیخ کی اس عبارت سے فقرہ لم یبلغ الحلم کا اپنی حقیقت پر محمول ہونا معلوم ہوا بناءً علیہ جناب قاسمؑ کے روز عاشورا بالغ ہونے کا احتمال کسی طرح درست نہین ہو سکتا چنانچہ صاحب ناسخ التواریخ نے اپنی عبارت منقولہ مین اس مطلب پر علماء سیر کے اتفاق کو نقل کیا ہے وکفیٰ بذالک حجۃً و دلیلاً **ہشتم** یہ کہ مجموع وجوہ مذکورہ کے سبب سے حضرت نے اس عقد کو واقع کیا ہو اور ہر ایک وجہ اس عقد کے لیے علت ناقصہ قرار پائے **اقول** یہ جواب بھی کسی طرح لرفع استبعاد مین کافی نہین ہی **ہان** اگر اصل عقد ثابت ہو جائے تو چونکہ فعل معصوم ہی اسلیے اُسکا نفس الامر مین حکم و مصالح پر مبنی ہونا ضرور ہی اگرچہ ہم کو ایک مصلحت بھی معلوم نہ ہو **تیسرا اشکال** بعض روایات سے جو روضۃ الواعظین وغیرہ مین منقول ہین جناب فاطمہ بنت الحسینؑ کے عقد کا جناب حسن مثنیٰ کے ساتھ واقع ہونا اور جناب حسن مثنیٰ کا بموت خود انتقال کرنا ثابت ہوتا ہی پس حضرت فاطمہ بنت الحسینؑ کے عقد کا جناب قاسم کے ساتھ واقع ہونا کیونکر درست ہوگا **اور** اسکا جواب یہ ہی کہ روایت مذکورہ کا صحیحۃ المسند ہونا ثابت نہین **علاوہ برین** ہو سکتا ہی کہ حضرت کی اولاد مین دو فاطمہ ہون جن مین سے ایک کا عقد حضرت حسن مثنیٰ کے ساتھ اور دوسری کا عقد جناب قاسم کے ساتھ ہوا ہو اور محتمل ہی کہ فاطمہ بنت الحسینؑ کا عقد ایک مرتبہ حسن بن حسنؑ کے ساتھ اور ایک مرتبہ قاسم بن حسن کے ساتھ ہوا ہو اور عقد ثانی مین مصالح عدیدہ موجود ہون **اور** شریعت مطہرہ مین شوہر اول کی وفات کے بعد دوسرے عقد کا جائز ہونا محل تامل نہین ہی اور سیرت عرب سے عقد ثانی کا مستہجن نہ ہونا معلوم ہی اور اُسکا معیوب ہونا فقط اہل ہند کا رواج ہی **اقول** یہ جواب خالی از مزید استغراب نہین ہی اور اُسکا منشا بظاہر عدم تتبع کتب تاریخ و

ع اور جناب قاسم کی درحقیقت نابالغ ہونیکی علامہ مجلسی اور فاضل دربندی نے بھی تصریح فرمائی ہے جیسا کہ جلاء العیون سے نقل کیا ہے ۱۲ منہ عفی عنہ

سیرت ہی اسلیے کہ فاطمہ بنت الحسین کے عقد کا حسن مثنی کے ساتھ واقع ہونا قابل تشکیک نہین ہی بلکہ جملہ مورخین وارباب سیرت اور علماے انساب اور اصحاب مقاتل کے نزدیک مسلم ہی چنانچہ بعض عبارات اس رسالہ مین بھی منقول ہوئی ہین اور اس مطلب کا ثبوت روایت مذکورہ کے صحیحۃ السند ہونے پر موقوف نہین ہی **مع ذلک** اُسکا مصطلح قدما کے موافق صحیح ہونا محل اشکال نہین ہی اور اصطلاح متاخرین کے موافق اگر اُسکے صحیح ہونے مین تامل ہو تو مضر نہین اسلیے کہ طریق حجیت کا اُس مین منحصر نہ ہونا معلوم ہی **والعجب** کہ حضرت مجیب نے قصۂ مذکورہ کی روایت بے سروپا مین جسکو فقط صاحب روضۃ الشہدا نے کسی مجہول الحال سے بطور تلفیق نقل کیا ہی اصلا قدح نہین کی حالانکہ اُسکے لیے معارضات کثیرہ موجود ہین بلکہ اُسکے مفید ظن بالوقوع ہونے کی تصریح کی ہی اور خصوص روایت مذکورہ مین جسکو اعلام فریقین منہم شیخنا المفید قدس سرہ والشیخ ابونصر البخاری نے بروجہ اعتماد نقل کیا ہو قدح کرتے ہین حالانکہ اُسکے لیے کوئی معارض ضعیف بھی موجود نہین ہی البتہ قصۂ مذکورہ کی روایت اُسکے مخالف ہی فلعل ذلک ھو الداعی الی القدح فیھا بل ھو ھو لیس الا **اور** حضرت کی اولاد مین دو فاطمہ کا معدود ہونا باطل محض ہی جسکی توضیح اس رسالہ مین بھی لکھی گئی ہی اور فاطمہ بنت الحسینؑ کے عقد ثانی کا احتمال محض بے معنی ہی اسلیے کہ حسن مثنی نے جناب قاسم کے قبل وفات نہین پائی بلکہ اُنکا جناب قاسمؑ کی شہادت کے بعد تا مدت دراز باقی رہنا اور صاحب اولاد کثیر ہونا معلوم ہی **لکن** واقعات تاریخیہ مین محض احتمال پر اکتفا کرنا اور کتب فن کی طرف رجوع نکرنا انسان کو ایسے احتمالات واہیہ کی طرف مضطر اور ملجی کرتا ہی جنکا فساد کسی طرح محل شبہہ نہ ہو اور اغلب وجوہ مذکورہ کا محض احتمال عقلی پر مبنی ہونا پوشیدہ نہین ہی جو اثبات واقعات مین کسی طرح مفید نہین ہو سکتا اور اسی بنا پر اُنکے تذکرہ سے اعراض کرنا سزاوار تھا **لکن** مزید اطمینان کے لیے بمجبوری اُن سے تعرض کرنا مناسب سمجھا گیا **چوتھا اشکال** روایت مشہورہ شاذ اور غیر مشہور ہی لہذا اُسپر اعتماد کرنا صحیح نہ ہوگا **اور** اسکا جواب یہ ہی کہ علم درایت مین شاذ کی دو قسمین بیان کی گئی ہین مردود اور مقبول **پس** اس روایت کا شاذ مردود ہونا کیونکر ثابت ہو بلکہ قرائن مذکورہ اُسکے شاذ مقبول ہونے کی دلیل واضح ہین **علاوہ برین** یہ مسئلہ از قبیل مسائل حلال وحرام نہین ہی جسکی وجہ سے اُسکا شاذ ہونا ضعف

مستند کا سبب ہو **اقول** اس جواب کا ضعف بھی واضح ہی اسلیے کہ روایت عروسی کا شاذ مردود ہونا محل
شبہہ نہین ہی کیونکہ جن بزرگوارون کے نصوص وتصریحات سے اس قصہ کا بے اصل وموضوع ہونا ثابت
ہوتا ہی اُنکا حفظ وعدالت اور ضبط وثاقت اظہر من الشمس ہی اور قصۂ مذکورہ کا راوی مجہول الحال ہی اور اُس سے
صاحب روضۃ الشہدا کا نقل کرنا اُسکی وثاقت کی سند نہین ہوسکتی خصوصًا جبکہ صاحب روضۃ الشہدا کے
منقولات اس باب مین خود متہافت اور متناقض واقع ہوے ہین چنانچہ اُنکی عبارات اس رسالہ مین بھی
منقول ہوچکی ہین اور قرائن مذکورہ جو حضرت مستدل کے کلام مین مذکور ہوے ہین وہ ہرگز قابل التفات نہین
ہین اسلیے کہ وہ محض احتمالات ہین جو مطالب تاریخیہ اور وقائع سیریہ کے اثبات ونفی مین کسی طرح مسموع
نہین ہوسکتے **بناءً علیہ** اُسکے شاذ مردود ومنکر بلکہ بے اصل محض ہونے مین تامل کرنا درست نہین ہی
اور ملخص کلام یہ ہی کہ تبصریح فحول علما کسی حدیث اصطلاحی شیعہ مین یہ قصہ وارد نہین ہوا جو مجیب علام کے
نزدیک بھی مسلم ہی اور علماے عامہ مین سے بھی جمہور علمانے اسکو نقل نہین کیا بلکہ اعلام فریقین نے اُن
مطالب کی تصریح کی ہی جو اس قصہ کے ساتھ جمع نہین ہوسکتے پس بعض عامہ کا کسی مجہول الحال سے اُسکا بطور
جمع وتلفیق نقل کرنا اُسکے مقبول ہونیکو کیونکر مقتضی ہوگا **اور** اس قصہ کا ازقبیل مسائل حلال وحرام نہونا
اُسکے ضعف مستند بلکہ اُسکے موضوع ومختلق ہونے سے مانع نہین ہوسکتا جسکی روایت کے جائز نہ ہونے
پر علمانے اتفاق کیا ہی **معہذالک** اس قصہ کے وقوع یا عدم وقوع سے بحث کرنا اگرچہ مسائل فقہیہ سے
خارج ہی اور فقیہ کو اُس سے بحث کرنا ضرور نہین ہی **لکن** اُسکا موضوع مسائل تکلیفیہ ہونا قابل انکار نہین
ہی **پس** ایسے قصہ کے ذکر کا جائز ہونا یا نہ ہونا مسائل حلال وحرام مین ضرور داخل ہی اگرچہ نفس قصہ
من حیث ھی اُنسے خارج ہی اور اس قصہ مین بحیثیت اولی کلام کیا جاتا ہی **واضح** ہو کہ خود حضرت مجیب
کی اُن تصریحات کی بناپر جو اُن سے خبر شاذ کے متعلق صادر ہوے ہین اس قصہ کی روایت کا شاذ مردود ہونا
مستفاد ہوتا ہی **قال رہ** والشاذ ما روی مخالفا لما رواہ الجمہور فان کان راویہ احفظ واضبط واعدل
من راوی ھذا الشاذ کان شاذا مردودا ولا فلا ومنہم من ردہ مطلقا نظرا الی شذوذہ ومنہم من
قبلہ کذلک نظرا الی وثاقۃ رواتہ وقال انہ لابد فیہ من وثاقۃ رواتہ **واما** الشاذ الذی یکون رواتہ
12 منہ

فان العالم المحرز لها اذا رئی کتب ھٰؤلاء الطائفۃ یحسبہا کانہا قد صدرت عن متعلمی ابا جد الصبیان فی دور المکاتیب الی اخرما فی ورق ۱۵۰ من اکسیر العبادات اس موعظہ حسنہ اور نصیحت بالغہ کا محصل یہ ہی کہ صاحبان تالیف و تصنیف پر اپنے کتب کے مضامین مین غور و تامل کرنے اور اخبار و روایات کے بدرایت و مزید تدبر اخذ کرنے اور بادی النظر کے مطالب کی طرف مبادرت اور ادراج مقاصد مین مسارعت نہ کرنے کی مراعات مطلقا لازم ہی اور علی الخصوص امور مذکورہ کا اُن مطالب مین ملحوظ رکھنا زیادہ اہم ہی جو عقائد سے متعلق ہون اور اہل مذہب کے خواص و عوام کے نزدیک اُنکا تذکرہ بکثرت ہوتا ہو اور بعض مصنفین سے احیانا ایسے امور غریبہ صادر ہونے ہین جو مضحک ثکلی ہوتے ہین جنکے سرزد ہونیکا منشا یہی ہی کہ وہ لوگ امور مذکورہ کی مراعات کو ترک کرتے ہین اور جبکہ کسی متصدی تالیف و تصنیف کے لیے علم احادیث علم اصول احادیث علم اسناد علم تفسیر علم اصول فقہ علم حکمت منصوجہ مین بہرۂ کامل و رحظ وافر حاصل نہ ہو تو اُس سے امور غریبہ بیشتر صادر ہوتے ہین اور جو شخص کہ علوم مذکورہ پر مطلع اور محیط ہوتا ہی وہ طائفۂ مذکورہ کے کتب اور مؤلفات کو اُن بچون کے اوہام و خیالات کے قبیل سے جانتا ہی جو ہنوز مکتب مین ابجد خوانی کرتے ہین فاضل دربندی کے اس کلام سے اخذ مطالب اور نقل مقاصد مین درپی تحقیق و تنقید ہونے پر جو حث و ترغیب مستفاد ہوتی ہی وہ صاحبان خبرت و بصیرت پر پوشیدہ و مخفی نہین ہی لیکن افسوس صد افسوس کہ خود فاضل دربندی علیہ الرحمہ نے اپنے اس موعظۂ بالغہ پر اصلا عمل نہین فرمایا جیسا کہ اُنکے تالیفات کی طرف رجوع کرنے سے معلوم ہوتا ہی آیا اخذ بدرایت اور مزید تدبر در نقل و روایت اسی کا نام ہی کہ کتاب الانساب سی کتاب خرافت مآب اپنی کتاب کے مدارک معتبرہ اور ماخذ موثوق بہا مین شمار کی جائے جسکے خرافات و مزخرفات کا انموذج یسیر اس رسالہ کے مقصد اول مین ذکر ہو چکا ہی اور بدون تامل اپنے کتب علی الخصوص اکسیر العبادات کو ہر رطب و یابس سے مملو و مشحون کر دیا جائے جس سے وہ آیۂ وافی ہدایہ اَتَأْمُرُونَ النَّاسَ بِالْبِرِّ وَتَنْسَوْنَ أَنْفُسَكُمْ کے پورے مصداق قرار پاگئے اور مزید برآن اُسکے پادر ہوا مطالب اور بے سروپا افسانون اور محض بے اصل قصون اور داستانون کی تائید و تسدید مین اپنی اوقات عزیزہ ضایع و برباد کیے جائین اور اپنی کتاب کے سفید و شفاف ورق بلا ضرورت تیرہ و سیاہ کیے جائین اور نیز فاضل مذکور ارشاد فرماتے ہین و کیف کان فلا ینبغی لاحد فی مجالس ذکر مصائب

اهل البیت ومادب الرثاء والتعزیة ما یوجب کثرة الهمسات الباطنیة والخیالات المختلطة المشوشة
فی قلوب المومنین وما یورث الوهن والضعف فی اعتقاداتهم فان غیرة المومنین المخلصین وحمیتهم
تابی من ذکر الامور التی لا یناسب ذکرها فی المجالس والمادب فکیف حجج الله الطاهرین وشیمة سادات
خلق الله اجمعین ولا سیما سید الشهداء الذی خیرؑ بین الذلة والسلة فاختار السلة علی الذلة فانه
سید اهل الاباء والانف واصحاب الغیرة والشیمة الفاضلة والمروة الکاملة والله سبحانه وتعالی اغیر
من الکل وهو حافظ وحفیظ فیا اخوانی ویا ایها المحبون الموالون فقد ورد عن الائمة المعصومینؑ ان
روایة واحدة مع الدرایة افضل من الف روایة بلا درایة واذا کان سید الساجدینؑ مع الحرم والنسوان
وهو معدن المروة والشیمة والغیرة ووارثها عن اباءه المعصومینؑ وفی شانهم وشان عدوهم نزلت

آیة ام یحسدون الناس علی ما اتاهم الله من فضله الخ فاذا کان من جملة اقل مقدوراته بحول الله وقوته
وبما اتاهم الله من فضله جعل الکوفة شاما والشام کوفة فکیف یرضی بحصول ما عن ذکره یشمئز قلوب
مخلصی شیعتهم المخلوقة من فواضل طینتهم الی اخر ما فی اخر المجلس الثانی والعشرین من اکسیر العبادات
فی ورق ۲۳۶ اور اس عبارت کا حاصل یہ ہی کہ اہل بیت اطہارؑ کی مجالس عزا اور محافل رثا مین ایسے امور
کا ذکر کرنا سزاوار نہین ہی جس سے اہل ایمان کے قلوب مین خیالات فاسدہ اور توہمات مشوشہ پیدا ہون یا
اُنکے اعتقادات حقہ مین وہن وضعف کے حادث ہونے کا سبب ہون اسلیے کہ مومنین با اخلاص کی غیرت ایسے
امور کو پسند نہین کرتی جنکا مجالس عزا مین تذکرہ کرنا مناسب نہ ہو پس حجج طاہرین کی غیرت اور حمیت اُن کو
کیونکر پسند کر سکتی ہی علی الخصوص جناب سید الشہداؑ کی غیرت اور حمیت ایسے امور پر کیونکر راضی ہو سکتی ہے
جنھون نے اپنی شہادت کو ذلت وعار پر مقدم کیا اسلیے کہ حضرت سید الشہداؑ خامس آل عبا سید اہل آبا اور
سرور اصحاب غیرت وحیا ہین با این ہمہ حق تعالی ہر شخص کی بہ نسبت زیادہ صاحب غیرت ہی پس اُسکی غیرت
ایسے امور کو بدرجۂ اولی پسند نہ کریگی اور وہ اپنے عباد مخلصین کو ہر امر ناگوار موجب ننگ وعار سے محفوظ رکھنے
والا ہی پس ای برادران ایمانی ائمۂ معصومینؑ سے وارد ہوا ہی کہ ایک روایت کا درایت کے ساتھ نقل ور
ضبط کرنا ہزار روایتون کے بدون درایت نقل ورضبط کرنے سے افضل وبہتر ہی پس جبکہ اہل حرم کی ہمراہی

مین سید الساجدین سے بزرگوار موجود ہون جنھون نے اپنے آبائے طاہرین کی غیرت وحمیت کو بوراثت
حاصل کیا ہو جنکی شان مین آیۂ کریمہ ام یحسدون الخ نازل ہوا ہو اور بفضلہ تعالی شام کا کوفہ اور کوفہ کا شام کر دینا
اُنکے اقل مقدورات مین محسوب ہو تو وہ ایسے امور سے کیونکر راضی ہوسکتے ہین جنکے ذکر سے مخلصین شیعہ
کے قلوب کو اشمئزاز ہوتا ہی **فاضل دربندی** رح نے اپنے اس کلام مین ایسے امور کے نقل کرنے کی ممانعت
فرمائی ہی جو مقتضائے غیرت وحمیت کے خلاف ہون اور موعظۂ سابقہ کی طرح اس موعظہ مین بھی روایت کے
بفہم ودرایت ضبط کرنے پر حث عظیم فرمائی ہی مگر افسوس ہی کہ خود فاضل دربندی نے اپنی تالیفات مین اس
موعظہ پر بھی ذرہ بھر عمل نہ کیا اور واعظ غیر متعظ ہی کے مصداق رہے **چنانچہ** کتاب اکسیر العبادات ہی مین
ان بزرگوار نے جو مطالب کہ جناب زینب بنت علی و فاطمہ علیہم السلام کے متعلق بدون درایت اور بدون تحقیق
وارد کیے ہین اُنکے سماعت کریگا کوئی صاحب حمیت وغیرت متحمل نہین ہوسکتا مین اُن مطالب مین سے
اس رسالہ مین ایک شمہ کے نقل کرنے کو بھی سوء ادب اور محض جسارت جانتا ہون اگر کوئی صاحب اُن مطالب
سخیفہ اور مضامین رکیکۂ ضعیفہ پر مطلع ہونا چاہین وہ فاضل مذکور کی کتاب مشار الیہ کی سیر کرین نعوذ باللہ
منہا **علاوہ برین** قاسم بن حسن علیہما السلام کی دامادی کے قصہ مین بھی بہت سے امور رکیکہ موجود ہین
جن مین سے بعض امور کی اس رسالہ مین بضرورت توضیح کی گئی ہی جن کے تذکرہ سے قلوب اہل ایمان کو
اشمئزاز ہوتا ہی اور ارباب غیرت وحمیت ہرگز اُنکے ذکر پر راضی نہین ہوسکتی چونکہ فاضل دربندی علیہ الرحمہ
نے اپنے مواعظ حسنہ پر خود عمل نہین کیا اسی لیے دیگر ذاکرین ورثات پر بھی اُنکے مواعظ کا کوئی اثر نہین ہوا
کیونکہ واعظ غیر متعظ کے وعظ پر اثر کا مترتب ہونا از قبیل شواذ ہی یہی وجہ ہی کہ ذاکرین مغفلین نے فاضل مذکور
کی طرح ہر رطب و یابس کو مجالس عزا (جو محل نزول ملائکۃ اللہ ہی) مین رواج دینے کو من جملۂ ضروریات قرار دیا ہے
الحمد للہ کہ اس رسالہ کا حصۂ دوم بھی تمام ہوا الحمد للہ اولا و آخرا والصلوۃ علی اشرف رسلہ و آلہ باطنا و ظاہرا

تمت

اشعار آبدار و دُرر شاہوار تاریخ تقریر حاسم از نتائج افکار شاعر حازم الاتی فی نظمہ بما یزری بالبزبر الباسم الناطق بالحق اذا لاح غیر خائف فی ذلک لومۃ لاح المتمسک بائمۃ الاثنی عشر جناب میرزا کاظم حسین صاحب المتخلص بالمحشر لازال فکرہ العالی ناظم الدرر الغوالی

یہ رسالہ ہے مدلل اسقدر
نور بخش بجم ایمانی ہے جو
جو سراسر ناسخ قول ضعیف
جس سے روشن سیکڑون راز نہان
کنز مخفی جس نے ظاہر کردیا
محشر آخر وجہ خاموشی ہے کیا
کیون نہین کہتے ہو تم مصراع سال
دل مرے پہلو سے یون گویا ہوا

جس سے روشن طالع عقل بشر
حق و باطل مین عیان جس ہو فرق
جسکا ہر جملہ دل آویز و لطیف
جسکا ہر جملہ صراط مستقیم
صدق کے گوہر سے دامان بھر دیا
شرع مین یہ کیون ہی شرم این و آن
کیون نہین کرتے ہو اظہار کمال
لکھدو مصرع طول آخر تا بکے

رہنمائے ذہن انسانی ہی جو
جس سے کشتی کذب کی ہوتی ہی غرق
نصرت اہل ذکر کی جس سی عیان
جو سراسر ہادی طبع سلیم
ملہم غیبی نے مجھ سے یون کہا
ہو بیے اظہار حق منھ مین زبان
دھیان جب آیا مجھے تاریخ کا
داستان عقد قاسم جھوٹ ہی
۳۰ ۱۳ھ

یہ بھی ملاحظہ فرما لیجیے

حقیر نے یہ مطبع مسمی بہ **تصویر عالم** محض اس غرض سے جاری کیا ہو کہ اس مین ہر قسم کا کام طلائی نقرئی سبز اودہ سرخ سفید اور نیز ہر قسم کا کام اور ایک ہی صفحہ پر کئی رنگ طبع ہو سکین اور ہمارے مطبع کے کاریگر بہت اعلی درجہ کے ہین کاتب نہایت اعلی درجہ کے خوشنویس - پریسمین عمدہ کاریگر لہذا خدمت مین اپنے معاصرین عالی حوصلہ کی عرض ہی کہ اپنی تصانیف بے بہا کو اگر طبع کرانا چاہین تو ہمارے کارخانہ مین بھیجدین ہم اُسکو موافق اُنکی دلی خواہش کے طبع کر دینگے البتہ اجرت موافق محنت کے ضرور لیجائیگی اگر پھر بھی موافق مرضی کام نہ ہوگا تو کل روپیہ واپس دینگے